# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 5 ستمبر 2022ء بمطابق 8 صفر المظفر 1444 ہجری سہ پہر تین بجکر پندرہ منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب مسند نشین، محمد ادریس مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِعَادٍ ﴿۶﴾ اِرَمَ ذَاتِ الۡعِمَادِ ﴿۷﴾ الَّتِیۡ لَمۡ یُخۡلَقۡ مِثۡلُهَا فِی الۡبِلَادِ ﴿۸﴾ وَثَمُوۡدَ الَّذِیۡنَ جَابُوا
الصَّخۡرَ بِالۡوَادِ ﴿۹﴾ وَفِرۡعَوۡنَ ذِی الۡاَوۡتَادِ ﴿۱۰﴾ الَّذِیۡنَ طَغَوۡا فِی الۡبِلَادِ ﴿۱۱﴾ فَاَکۡثَرُوۡا فِیۡهَا الۡفَسَادَ ﴿۱۲﴾
فَصَبَّ عَلَیۡهِمۡ رَبُّکَ سَوۡطَ عَذَابٍ ﴿۱۳﴾ اِنَّ رَبَّکَ لَبِالۡمِرۡصَادِ ﴿۱۴﴾ فَاَمَّا الۡاِنۡسَانُ اِذَا مَا ابۡتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَکۡرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ
فَیَقُوۡلُ رَبِّیۡۤ اَکۡرَمَنِ ﴿۱۵﴾ وَاَمَّاۤ اِذَا مَا ابۡتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَیۡهِ رِزۡقَهٗ فَیَقُوۡلُ رَبِّیۡۤ اَهَانَنِ ﴿۱۶﴾ کَلَّا بَلۡ لَّا تُکۡرِمُوۡنَ الۡیَتِیۡمَ
﴿۱۷﴾ وَلَا تَحٰٓضُّوۡنَ عَلٰی طَعَامِ الۡمِسۡکِیۡنِ ﴿۱۸﴾ وَتَاۡکُلُوۡنَ التُّرَاثَ اَکۡلًا لَّمًّا ﴿۱۹﴾ وَّتُحِبُّوۡنَ الۡمَالَ حُبًّا جَمًّا
﴿۲۰﴾

(ترجمہ): تم نے دیکھا نہیں کہ تمہارے رب نے کیا برتاؤ کیا (۶) اونچے ستونوں والے عاد ارم کے ساتھ (۷) جن کے مانند کوئی قوم دنیا کے ملکوں میں پیدا نہیں کی گئی تھی؟ (۸) اور ثمود کے ساتھ جنھوں نے وادی میں چٹانیں تراشی تھیں؟ (۹) اور میخوں والے فرعون کے ساتھ؟ (۱۰) یہ وہ لوگ تھے جنھوں نے دنیا کے ملکوں میں بڑی سرکشی کی تھی (۱۱) اور ان میں بہت فساد پھیلایا تھا (۱۲) آخر کار تمہارے رب نے ان پر عذاب کا کوڑا برسا دیا (۱۳) حقیقت یہ ہے کہ تمہارا رب گھات لگائے ہوئے ہے (۱۴) مگر انسان کا حال یہ ہے کہ اس کا رب جب اُس کو آزمائش میں ڈالتا ہے اور اُسے عزت اور نعمت دیتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے عزت دار بنا دیا (۱۵) اور جب وہ اُس کو آزمائش میں ڈالتا ہے اور اُس کا رزق اُس پر تنگ کر دیتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیا (۱۶) ہرگز نہیں، بلکہ تم یتیم سے عزت کا سلوک نہیں کرتے (۱۷) اور مسکین کو کھانا کھلانے پر ایک دوسرے کو نہیں اکساتے (۱۸) اور میراث کا سارا مال سمیٹ کر کھا جاتے ہو (۱۹) اور مال کی محبت میں بری طرح گرفتار ہو (۲۰) و آخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

جناب مسند نشین: جزاکم اللہ۔Question Hour۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب مسند نشین: جی بنه جی۔ جی نلوٹھا صاحب۔ جی جی نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب: جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب مسند نشین: په Chart باندې Adjournment Motion شته دے کنه۔

سردار اورنگزیب: سر! میں صرف دو منٹ کے لئے، صرف دو منٹ کے لئے میں ایک بہت اہم مسئلہ ہے وہ۔۔۔۔۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: جی جی آپ کہیں۔ جی درانی صاحب!

## رسمی کارروائی

قائد حزب اختلاف: اول خو جی زمونږ په دې صوبه باندې او په پوره په ملک باندې ډیر زیات لوئې امتحان او تکلیف راغلے دے، الله ته به هم خواست کوؤ چې الله ته ناراضه یئ الله مونږ نه راضی شې او داسې تکلیفات دی، که زمونږ ملاکنډ ایریا ده، که جنوبی اضلاع دی او که نور نوښار دے او چارسده ده چې هغه کتې نه شی سرے او که د ملک نور ګوټ دے، سندھ دے، بلوچستان دے نو په دیکښې مونږ دا غواړو چې چونکه اول د دې قوم د هر چا حق دے په حکومت باندې چې هغه د دې خلقو مکمل دادرسی اوکړی او چې هر څه د ګورنمنټ وسائل وی چې د دې خلقو د پاره ئې استعمال کړی او خدائې پاک د دې خلقو هغه نقصانات خو ئې مونږ نه شو ورکولې چې هغه کوم غټ غټ نقصانات دی، خاندانونه پکښې تلی دی، بچی ئې پکښې تلی دی، ښځې پکښې تلی دی خو بیا هم د هغې هر مد کښې یو نظام شتې، که چرته څوک زخمی وی د هغې هم شتې، که چرته څوک پکښې وفات شوی وی د هغې هم شتې، که فصل تباه شوې وی د هغې هم شتې او ځنې د ګورنمنټ روډز دی، بریجونه دی چې په هغې باندې هم مشکلات دی۔ نو زمونږ به د حکومت نه ډیر په دردمندانه انداز باندې دا ریکویسټ وی چې فوری توجه ورکړی، وفاقی حکومت هم لګیا دے او

صوبائی حکومت هم، په دیکښې د دا تفریق ختم شی چې دا وفاق دے او دا صوبه ده، صرف د دې د قوم، د دې خلقو په هغه انداز باندې کار اوکړی چې دا زمونږ قوم دے که دا پکښې مرکزی حکومت دے ، که دا پکښې صوبائی حکومت دے چې خپلو کښې په یو انداز باندې هغه کار شروع شی نو بیا به ان شاء الله رکاوټونه نه وی۔ سر، یو بله مسئله جی زه په لنډو الفاظو بیانوؤمه، نوی یوه خبره راغلې ده جی، خلق په تشویش کښې دی، ما ته د بورډونو نه هر بورډ نه خلقو ټیلیفونونه کول شاید تاسو ته به ئې هم کړی وی، چې ګورنمنټ څه داسې پالیسی راؤړی چې دا پشاور بورډ چې دے دا به مادر پدر بورډ وی او دا نور به ئې بچی وی، که هغه د ملاکنډ بورډ دے ، که هغه د هزارې بورډ دے ، که هغه د کوهاټ بورډ دے ، که هغه د ډی آئی خان بورډ دے ، که د بنوں بورډ دے ، که کوهاټ دے ، دا خو جی د دې مرکزیت نه خلق تنګ شوی وو او د دې مور او پلار نه ډیر سخت تنګ شوی وو دا نور بچی چې به ئې راتلل نو مشکلات به وو نو د هغې د پاره بیا هغه خلقو ته سهولت ورکړے شو او هر ځائې کښې که زمونږ بنوں بورډ دے د هغې سره شمالی وزیرستان هم دے ، د هغې سره لکی مروت هم دے ، بنوں هم دے ، داسې کوهاټ سره هنګو هم دے ، کرک هم دے ، پوره هزاره هم ده، پوره ملاکنډ هم دے ، نو د هغې تشویش دا دے چې دا به اختیار راؤړی چې مونږ ته څومره اطلاع ده او دا د پشاور بورډ سره به وی، مونږ جی وایو چې حکومت د په دې باندې نظرثانی اوکړی۔ اول خو د مونږ پوهه کړی چې دوئ په دیکښې د تبدیلئ ضرورت څه ګنړی او په څه بنیاد باندې دوئ دا اختیار ختموی او بیا ئې راؤړی؟ اوس خو دا حکومتونو او دا پی ټی آئی هم او دا موجوده حکومت هم دا ټول وائی چې اختیار به مونږ په لوکل سطح ورکوؤ او که مونږ د هغې سطحې نه اختیار راؤړو او بیا ئې دلته ورکوؤ نو دا خو بیا داسې ده چې خلق به راځی، د ملاکنډ خلق به هم دلته راځی، د هزارې خلق به هم په مشکلاتو کښې وی، د ډی آئی خان، د بنوں، د کوهاټ، نو په دې باندې هم مونږ د حکومت نه دغه دا وی چې دوئ رڼرا پرې واچوی چې آیا د دې څه ضرورت جوړ شوے دے چې وائی چې دا به ئې پلار او مور وی او هغه به ئې بچی وی۔ نو مونږ وایو چې مونږ ډیر په تکلیفاتو د دې پلارانو او مور نه ځان خلاص کړے دے او

خدائې د داسې اونه کړی چې بیا مونږ دلته بچی شی او دا مې پلاران شی۔ ستا سو یو جهان مننه۔

جناب مسند نشین: درانی صاحب! مور او پلار نه خلق ځان نه خلاصئ درانی صاحب دعا ترې غواړی۔ جی نلوٹھا صاحب۔

سردار اورنگزیب: شکریہ جناب چیئر مین صاحب، میں۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: پوائنٹ آف آرډر باندې یوه خبره کولې شې۔

سردار اورنگزیب: جو اپوزیشن لیڈر صاحب نے بات کی ہے میں بھی اسی سلسلے میں بات کرنا چاہتا ہوں ایک تو آج جو آزمائش ہمارے صوبے کے اوپر ملک کے اندر آئی ہے جس میں ہمیں سیاست سے بالاتر ہو کر مرکزی اور صوبائی حکومت دونوں مل کر۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: نلوٹھا صاحب! یہ ایجنڈے پہ ہے۔

سردار اورنگزیب: جی؟

جناب مسند نشین: اس پہ Detailed discussion ہو گی یہ ایجنڈے پہ ہے۔

سردار اورنگزیب: جی؟

جناب مسند نشین: یہ ایجنڈے پہ ہے۔

سردار اورنگزیب: اچھا۔

جناب مسند نشین: آپ جو کہنا چاہ رہے ہیں۔

سردار اورنگزیب: بس میں یہ بات۔ دوسری بات کرتا ہوں۔

جناب مسند نشین: جی جی۔

سردار اورنگزیب: جناب سپیکر صاحب، صوبائی حکومت نے تعلیمی ایمر جنسی کا نفاذ کا وعدہ کیا تھا، تعلیم عام کرنے کا وعدہ کیا تھا اور آسانیاں پیدا کرنے کا وعدہ کیا تھا لیکن یہ جو بورڈ، ہزارہ ڈویژن کے بورڈ اور دوسرے بورڈز کے منتقلی کا فیصلہ کیا گیا ہے، اس سے پورے صوبے کے لوگ سخت پریشان ہیں۔ سپیکر صاحب، ایبٹ آباد میں ایک بورڈ ہزارہ ڈویژن کے حوالے سے بنا تھا 1990 میں 32 سال گزر گئے ہیں، اس وقت اس میں میٹرک اور انٹر میڈیٹ کے 70 ہزار طلباء اور طالبات تھے، آج 130 ہزار میٹرک کے طلباء اور طالبات ہیں اور 80 ہزار انٹر میڈیٹ کے طلباء اور طالبات ہیں، یہ دو سوا دو لاکھ ہیں، لوگوں کے

بچوں کے حقوق جو ہیں وہ آکر پشاور بورڈ کے ساتھ منسلک کئے جا رہے ہیں۔ ہزارہ ڈویژن کوہستان سے شروع ہوتا ہے اور غازی تک آتا ہے، آپ دیکھیں وہاں سے لوگوں کو بالخصوص بچیوں کو پشاور سند کے لئے، ڈی ایم سی کے لئے، ان چیزوں کے لئے آنا پڑے گا تو ان کے لئے بہت مشکلات ہوں گی اور دوسری بات جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

<u>Mr. Chairman</u>: Okay.

<u>سردار اورنگزیب</u>: جو اہم بات میں اس کے لئے کرنا چاہتا ہوں ابھی یہ ایلیمنٹری اور سیکنڈری ہی ہے چونکہ یہ خود مختار، Autonomous Body ہے بورڈ، اور بڑی حیرانگی کی ہے کہ ایلیمنٹری اور سیکنڈری ایجوکیشن کے اوپر ایک Check ہے اس بورڈ کا، ان کے امتحانات وہ لیتے ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین</u>: اس میں میرے خیال میں بہتر ہے کہ Adjournment Motion لے آئیں، اس میں کیونکہ سارے Detailed discussion کر لیں گے اس پہ۔

<u>سردار اورنگزیب</u>: میں یہ کہتا ہوں یہ کسی صورت میں بورڈ کو ختم نہ کیا جائے، اگر کئے گئے تو بہت سخت احتجاج بھی باہر سینکڑوں لوگ احتجاج کر لیں گے۔

<u>جناب مسند نشین</u>: ٹھیک ہے کر لیں گے اس پہ Discussion کر لیں گے۔ جی منسٹر صاحب، جی منسٹر صاحب۔۔۔۔۔

(مداخلت)

<u>جناب مسند نشین</u>: تهيک شو کوؤ کنه۔

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور)</u>: میں بات تو کر لوں ناچر ته تختو خو نه میں اس کا جواب دے دوں۔ یہ اکرم درانی صاحب، آپ کی۔۔۔۔۔

(مداخلت)

<u>جناب مسند نشین</u>: راروان دی کنه نو راروان دے ایجنډا کښې راروان دے ایجنډا باندې شته کنه راروان دے کنه، ایجنڈے پہ لے لیں گے اس کو نا، Admit ہو جائے تو لے لیں گے پھر اس کو۔

(مداخلت)

<u>وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور</u>: ځه ځه۔

جناب مسند نشین: ٹھیک شوہ او کڑئ کنہ نو، ٹھیک شو کنہ، اوبہ کڑی کنہ، منسٹر صاحب۔

(مداخلت)

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: دا چې کومه د بورډز دا Issue راغلې ده په دې باندې جواب ورکړم بیا تاسو او کړئ کنه؟

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: مونږ دا یو۔۔۔۔۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: نو زما جواب نه که مطمئن نه شوې بیا راپاڅه زه خو څه نه وایم۔۔۔۔۔۔

(مداخلت)

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: بالکل تاسو او کړئ او کړئ۔

جناب مسند نشین: شوکت صاحب! خوشدل خان د او کړی خبره۔ خوشدل خان! ته او کړه، Short غوندې او کړئ۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب! روئیې به بدلول غواړی دا چې کومې ستاسو روئیې دی دلته کنه نو دا مطلب دے څه خه ځیز نه دے دا چې کوم تاسو مطلب دے حمایت چې ته یو له ورکښې او بل له موقع نه ورکوې نو دا ته مطلب د دې هاؤس سره او د دې ممبرانو سره استحقاق زمونږه مجروح کوې او دا هر څه دا زما یو حق دے چې زه په دې هاؤس کښې خبره او کړم، زه Representative یم دلته راغلې یم او زه ناست یمه۔ د دې نه مخکښې درانی صاحب خبره او کړه، زمونږه مطلب دے چې اورنگزیب نلوټها صاحب او کړې، دا یو ډیره اهم Issue ده، ځکه چې بهر ټول روډونه بند دی، ټول Employees راوتې دی، اول خو مطلب دے چې دا د کومې پالیسئ لاندې اول خو دا تاسو Decentralized کړل په ټولو ضلعو کښې مو جوړ کړل، په ډویژنونو کښې مو جوړ کړل، ځه یو خبره اوشوه، ځکه خلقو ته اسانتیا شوه، سټوډنټس ته اسانتیا شوه، د هغوی Parents ته اسانتیا شوه۔ اوس تاسو دوباره مطلب دے 32 سال بعد هغه پالیسی واپس کوئ او هغه تاسو بیا مطلب دے یو

سنټر پيبنور ته راولئ، ډيره ښه ده پيبنور ته خو آخر ولې ئې راولئ، وجوهات څه دی؟ که د سستم کمې وی که مطلب دے څه نور څه خبره وی، نو هغه سستم ټهيک کول پکار دی۔ لهذا مونږ د دې مطلب دے حکومت نه دا پر زور مطالبه کوؤ چې په کوم Status کښې دی هغه Status د Retain اوساتی، برقرار د اوساتی او که څه سستم کښې کمې وی، هغه کمې د پوره کړی۔ مونږه مطلب دے دا واپس دا د نورو ضلعو نه په دې باندې اربونه روپئ خرچ شوی دی، خلق هلته Employment هغوی ته ملاؤ دے، هغوی ته روزګار ملاؤ دے، د هغوی په يو پيبنور راتلو باندې هغه تاوان هم اوشو او د هغوی هغه روزګار هم خرابيږی، د هغوی هر څه، لهذا مونږ دا مطالبه کوؤ د دې هاؤس نه او حکومت نه، چې دا د مطلب دے ديکښې Disturb کوی نه۔ مهربانی۔

<u>جناب مسند نشین:</u> ټهيک شوه، ټهيک شوه۔ جی عنایت صاحب، عنایت صاحب۔

<u>جناب عنایت اللہ:</u> سر! میں یہ چاہتا ہوں کہ، جناب چیئرمین صاحب! میں گزارش یہ کر رہا ہوں کہ۔۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین:</u> جی۔

<u>جناب عنایت اللہ:</u> باہر جو دوست ہیں، احتجاج پہ ہیں میں بھی وہاں گیا تھا، نلوٹھا صاحب بھی وہاں گئے تھے اور اس کے آنے کے بعد میں نے ایک Call Attention Notice اس پہ جمع کر دیا ہے، وہ ہمارے سیکرٹری صاحب کے پاس ہے، میں چاہوں گا کہ اگر آپ آج ایجنڈے پہ اس کو لے سکتے ہیں تو آج ہی لے لیں ایڈیشنل ایجنڈا آئٹم کے طور پہ اور اگر آج نہیں لے سکتے ہیں تو مجھے Floor of the House پہ یہ Assurance دے دیں کہ آپ اس کو جو آنے والا ایجنڈا ہے اس میں رکھیں گے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا Important اور Crucial issue ہے اور Reforms important ہیں لیکن Reforms ایسے کرنا کہ اس میں Stakeholders کو، Elected representatives کو اس میں اعتماد میں نہ لیا جائے تو وہ Reforms جو ہیں Backfire کرتے ہیں۔ اس لئے میں یہ چاہوں گا کہ وہ میری Call Attention Notice لے لیں، اس پہ ہم Debate اور Discussion بھی کرتے ہیں اور اس کے حوالے سے آپ کوئی Select Committee بنادیں یا آپ اس کو Standing Committee on Education کے اندر Refer کریں، اس پہ وہاں Thoroughly debate ہو، یہ

Stakeholders جو ہیں وہ بورڈ کے ملازمین ہیں، ان کو بھی بلا لیتے ہیں، ہمارا اپنا بھی ایک مؤقف ہے، Parents کی حیثیت سے بھی ہمارا اپنا ایک مؤقف ہے اور میں سمجھتا ہوں Reforms جو ہیں وہ درست ہیں لیکن بورڈز کی Status کے خاتمے کے حوالے سے جو تشویش ہے حکومت کو اس کو Address کرنا چاہیئے جس طرح درانی صاحب نے کہا کہ یہ Decentralization کا زمانہ ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین:</u> ٹھیک ہے۔

<u>جناب عنایت اللہ:</u> اس میں آپ چیزیں Centralize نہیں کرتے Decentralize کرتے ہیں۔ تو Reforms پہ ضرور بات کریں، Paper setting پر بھی ضرور بات کریں، نقل کے خاتمے پہ ضرور بات کریں، بورڈز کی Autonomy پہ ضرور بات کریں لیکن بورڈز کے خاتمے پہ کوئی بات نہیں ہونی چاہیئے۔

<u>جناب مسند نشین:</u> ٹھیک ہے۔ Thank you۔ جی شوکت صاحب۔ جی قلندر لودھی صاحب، لودھی صاحب کا Mike on کر لیں، Mike on کر لیں لودھی صاحب کا، لودھی صاحب کا Mike on کر دیں۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر! بات تو سیلاب کی سب سے اہمیت والی بات تھی اس پر ہم کرنا چاہتے تھے لیکن چونکہ ایجنڈے پر ہے اس پر بات کریں گے۔ ابھی جو بورڈ کی بات چل رہی ہے اس میں گزارش یہ ہے کہ کچھ ایسی غلط فہمی پھیلائی جا رہی ہے اس میں ہمارے میڈیا پر اور اس میں سوشل میڈیا پر خاص کر ہزارہ میں بہت زیادہ بے چینی پائی گئی ہے۔ نلوٹھا صاحب نے جو بات کی ہے ٹھیک ہے ہمارے لوگ بڑے پریشان ہو گئے ہیں کہ یہ کیسے بورڈ کو ہم سے کیوں لیا جا رہا ہے، کیوں ختم کیا جا رہا ہے، Centralize کیوں کیا جا رہا ہے لیکن میری ابھی شوکت خان سے بات ہوئی ہے تو اس نے کہا ہے کہ گورنمنٹ کا اس قسم کا کوئی پروگرام نہیں ہے لیکن یہ جو Rumours پھیلائی گئی ہے، یہ پتہ نہیں کیسے ہیں اور کس طرح سے؟ اور آج بھی لوگ ادھر کوئی ہمارے فوارہ چوک میں کوئی اس پر احتجاج پر ہے تو میری شوکت خان سے، گورنمنٹ سے یہ ریکویسٹ ہو گی کہ ذرا تفصیل سے اس پر بات کر لیں کہ یہ ایک چیز جو ہو نہیں رہی، ہونے جا نہیں رہی، حکومت کر نہیں رہی تو یہ ایسے ہی اتنی Rumours کیوں پھیلائی جا رہی ہیں اور اتنا زیادہ کیوں ہوا بن گیا ہے؟ سوشل میڈیا میں بھی آ رہا ہے، اخباروں میں آ رہا ہے اور یہ میں نے ابھی Cutting بھی دی ہے اس کو، شوکت خان کو تو اس لئے اس کی کوئی تدارک گورنمنٹ سائیڈ سے ہو جائے تاکہ یہ بات ختم ہو

جائے۔ اگر کچھ بات ہے تو گورنمنٹ کو چاہیئے کہ اس پہ سب کو بلالیں جہاں جہاں ہمارے بورڈز ہیں، توان کو بلا کے ان سے بات کرے اور اس میں پھر دیکھیں گے کہ یہ کیا چاہتے ہیں اور کیا نہیں چاہتے؟ گورنمنٹ کی، گورنمنٹ تو چاہتی ہے کہ لوگوں کو Facilitate کیا جائے، سٹوڈنٹس کو Facilitate کیا جائے۔ ایسے تو Decentralize ہونے کا کوئی میرے خیال میں کوئی نہیں ہے کہ Centralize کریں گے پشاور میں تو اس سے تو ان کے جو پرنٹنگ ہے، پرنٹنگ پریس یہاں پہ ہوگا، پرچے یہاں ہوں گے فرض کیا سارا ایک پرچہ آپ دیتے ہیں، اگر چترال میں پرچہ آؤٹ ہو جاتا ہے تو اس کا کیسے تدارک آپ کریں گے؟ وہ تو اپنے اپنے بورڈ کا مسئلہ کوئی ایک بورڈ کا ہوتا ہے تو اس کو سنبھالا جا سکتا ہے لیکن پورے صوبے میں اگر ایک ہوگا اور اس کی پرنٹنگ پریس آپ کا یہاں ہوگا تو وہ پرنٹنگ پریس جو لگے ہوئے ہیں ہزارہ میں یا دوسرے بورڈز میں لگے ہوئے ہیں ساتھ میں، تو ان کا کیا ہوگا؟ یہ ساری باتیں جو ہیں میرے خیال میں شوکت خان اس کی تفصیل سے بات کرلیں گے۔

جناب مسند نشین: اس کا میرے خیال میں اس طرح کرلیں گے۔

حاجی قلندر خان لودھی: جی۔

جناب مسند نشین: کہ یہ Questions hour جو ہے اس کو Suspend کرلیں گے ایجنڈے پہ۔

حاجی قلندر خان لودھی: ٹھیک ہے۔

جناب مسند نشین: تو اس پہ پھر آپ لوگ ایجنڈا لے لیں گے اس کے بعد آپ اس پر Detailed discussion کرلیں۔

حاجی قلندر خان لودھی: ٹھیک ہے۔

جناب مسند نشین: جی؟

حاجی قلندر خان لودھی: لیکن یہ بات بڑی اہم ہے جی، بڑی اس میں اگر گورنمنٹ کچھ نہیں کر رہی ہے تو یہ تو ابھی مجھے شوکت خان نے بتایا کہ کچھ نہیں ہو رہا، یہ بتا بھی دیں گے اپنی زبانی لیکن یہ تو، لوگوں کے پاس یہ اطلاعات کیسے پہنچ گئیں؟ کیسے یہ بات Rumour پھیلائی گئی، کیوں پھیلائی گئی، کہاں سے یہ بات چلی؟ اس کی تحقیق ہونی چاہیئے سر۔

جناب مسند نشین: جی شوکت صاحب!

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور): جناب سپیکر! یہ کچھ دنوں سے۔۔۔۔

جناب مسند نشین: جی۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: میڈیا کے اوپر یہ چیزیں آ رہی ہیں۔

جناب مسند نشین: جی شوکت صاحب۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: اور اس کی وجہ سے بلا وجہ ایک تشویش پھیلائی جا رہی ہے۔ نہ تو کوئی بورڈ ختم کیا جا رہا ہے نہ کوئی بورڈ منتقل کیا جا رہا ہے صرف اس چیز پہ تجویز آئی ہے کوئی فیصلہ نہیں، فیصلہ تو ہوا ہی نہیں ہے نہ فیصلہ ہو رہا ہے۔ ایک تجویز آئی تھی کہ کیوں نہ پیپر ایک ہو جائے تاکہ تمام جتنے بورڈز ہیں وہ ایک ہی Paper چلا جائے۔ ان کی Printing وہ اپنی اپنی ہو گی یہ نہیں کہ کہیں پہ، ڈی ایم سی بھی ان کو وہی پہ ملے گی جہاں ان کا بورڈ ہے۔ ڈی ایم سی کا Issue بھی اگر آیا تو اپنے بورڈ سے حل ہو گا۔ جو اصل چیز ہے کہ Paper ایک ہو تو جناب سپیکر، یہ تو ایک اصلاحات کی بات ہے۔ اگر اس میں Consensus ہو گیا تو ٹھیک ہے نہیں ہوا تو نہیں ہو گا۔ دوسری بات یہ ہے کہ کسی کی Seniority ختم نہیں کی جا رہی ہے جو ملازم جس بورڈ کے اندر ہے وہ ادھر ہی رہے گا یہ نہیں ہے کہ وہ سوات سے اٹھا کر پشاور لایا جا رہا ہے یا ایبٹ آباد سے کسی کو۔ یہ ایک تجویز ہے اور یہ ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی Responsibility ہے کہ وہ شفافیت لے آئے۔ اب شفافیت کیسے لانی ہے ابھی تو Initial اس پر بات ہو رہی تھی، اس پہ کوئی فیصلہ ہوا نہیں ہے صرف یہ ہے کہ جی اگر چاروں جتنے بورڈز ہیں ان سب کا پیپر ایک ہو تو میرے خیال یہ تو ایک تجویز ہے اچھی ہے بری ہے Definitely اس پہ بحث بھی ہو گی، اس پہ مشاورت بھی ہو گی۔ تو ایسا کوئی فیصلہ ہوا نہیں ہے جس پہ اتنے زیادہ میں روز سوشل میڈیا پہ بھی دیکھ رہا ہوں یہ جو اخبار کی Cutting ہے اس کو بھی دیکھ رہا ہوں۔ تو یہ Categorically میں کہہ رہا ہوں کہ نہ کوئی فیصلہ ہوا ہے نہ کوئی بورڈ ختم ہو رہا ہے نہ کوئی منتقل ہو رہا ہے جناب سپیکر، صرف یہ ہے کہ تجویز ہے کہ Centralized، ایک Paper ہو تو اس میں کوئی برائی نہیں ہے۔ اگر ہو بھی جائے تو کوئی برائی نہیں ہے اور اگر یہ ہر بورڈ اپنا وہی Paper print کر کے دے اپنے سٹوڈنٹس کو تو اس میں کیا برائی ہے اور ایک ہی وقت پہ ہو۔ تو یہ تو ایک تجویز ہے فیصلہ ہوا نہیں ہے اور اگر کوئی تجویز ہے، اگر اپوزیشن چاہتی ہے کہ جی ہم اس پر بحث کرنا چاہتے ہیں سو مرتبہ بحث کریں۔ اگر وہ کہتے ہیں کہ ہمیں یہ تجویز Acceptable نہیں ہے تو ہم تو صوبے کے لئے کر رہے ہیں، صوبے کے بچوں کے لئے کر رہے ہیں۔ جس طرح ہم پہ Responsibility ہے اس طرح ان پر بھی ہے۔ تو شفافیت لانے کے لئے اگر مل کر بھی کام کیا جائے تو ہمیں اعتراض نہیں ہے۔ شکریہ۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر، شوکت یوسفزئی صاحب نے جو بات کی اتنی اہم بات ہے ایجوکیشن جو ہے وہ بنیاد ہے ہر ایک صوبے کا اور ہر ایک ضلع کا، ہر ایک گاؤں کا۔ انتہائی اہم Subject ہے۔ کیا یہ ضروری نہیں تھا کہ اس میں اگر تجویز ہے یا اس میں ردوبدل ہے تو یہاں پر ایک گورنمنٹ ہے ایک اپوزیشن ہے تو کم از کم ان تجاویز پہ اپوزیشن کے ساتھ بھی بات کرتے اور یہاں پر جب بات پہنچی کہ اب سارے لوگ جو ہیں آج آئے ہیں ہڑتال پہ ہیں اور Confusion ہے کہ ہو کیا رہا ہے؟ یہاں پر اگر ہمیں گورنمنٹ پہلے سے بتاتی کہ ہم یہ تجویز لارہے ہیں تو ہم اس کے ساتھ Share کرتے۔ میری ابھی بھی درخواست ہے کہ گورنمنٹ اس طرح فیصلے نہ کرے کہ اس سے مسائل پیدا ہوں۔ یہاں پر ایک کمیٹی ہو، اس میں اپوزیشن سے بھی ممبرز لئے جائیں، یہاں پر ہم بیٹھ جائیں گے اور ہم اپنے ممبرز کا چناؤ کریں گے پوری اپوزیشن کی طرف سے کہ وہ بیٹھ جائیں گے۔ ہم تو اس کوشش میں ہیں کہ بورڈ کی اصلاح ہو کیونکہ اس طرح نمبر آتے ہیں کہ گیارہ سو نمبر ہے اور 1120 بھی آئے ہیں۔ میں نے یہاں پر ادھر بات کی تھی کہ بنوں بورڈ میں ایک کنٹرولر ہے انعام اللہ شاہ نام ہے۔ تین سال رہا، ایک سال اور بھی رہا اور اس نے اپنے بیٹے کو 1052 نمبر لگائے اور نالائق بیٹا ہے۔ یہ بھی Rules ہیں کہ اس کے بورڈ میں اس کا بیٹا Exam بھی نہیں دے سکتا۔ جب اس کے چار سال پورے ہوئے تو پھر حکومت نے اس کو پروموشن دے کر ابھی سیکرٹری بنوں بورڈ ہے اور یہاں پر لاء منسٹر نے بھی اور ان منسٹرز نے بھی میرے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ اس کا اپنا بیٹا 1052 نمبر دیئے ہیں تو ہم اس کو، لیکن اس کو انعام دیا کہ آپ نے اپنے بیٹے کو 1052 نمبر دیئے ہیں آپ نے بہت اچھا کام کیا، آپ کو ہم سیکرٹری لگاتے ہیں۔ اس طرح باتیں نہ کریں۔ اپوزیشن کے ساتھ بیٹھ جائیں ہم بھی اصلاح چاہتے ہیں۔ ایجوکیشن بنیاد ہے۔ آپ پلیز اس طرح کریں کہ ہمارے، ہم بھی آپس میں بات کریں گے دو تین ممبرز جو بھی ہیں ہمارے سنجیدہ وہ ہم بھی دے دیں گے اور گورنمنٹ کے بھی آپس میں بیٹھیں۔ یہ بیوروکریسی ہمیشہ مسئلے بناتی ہے، حل نہیں کرتی ہے اور ایک ایک اپنے لئے اگر ایجوکیشن کا سیکرٹری ہو وہ کہتے ہیں کہ سب اختیار میرا ہو۔ اگر پشاور بورڈ کا چیئرمین ہو وہ کہے گا کہ میرا ہو، اس سے مسئلہ پیدا ہو گا آپ مہربانی کر کے آپس میں اپوزیشن اور گورنمنٹ کو بٹھا دیں اور ہمیں وہ تجویز بتا دیں کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔ ہم آپ شکریہ ادا کرتے ہیں۔

## حالیہ سیلاب کے تباہ کاریوں پر بحث کرانے کے لئے ایجنڈا آئیٹمز نمبر دو اور سات کا معطل کیا جانا

جناب مسند نشین: اس پہ، اس پہ ابھی میرے خیال میں Questions hour اور Item number seven کو Suspend کر لیتے ہیں، اسمبلی کے سامنے رکھ لیتے ہیں تو بحث کر لیں آپ لوگ اس پہ۔ The question before the House is that item No. 2 & 7 may be suspended? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Items No. 2 & 7 are suspended.

## اراکین کی رخصت

جناب مسند نشین: Item No. 3, 'Leave Applications'۔ ڈاکٹر سمیرا شمس ایم پی اے 5 تا 6-----

(مداخلت)

جناب مسند نشین: Leave applications او شی یو منٹ۔ جناب فیصل امین خان تین دن، 5 to 7 ستمبر؛ شکیل احمد آج کے لئے؛ جناب فضل شکور آج کے لئے؛ جناب اکبر ایوب خان آج کے لئے؛ محترمہ ساجدہ حنیف آج کے لئے؛ جناب عبدالکریم آج کے لئے؛ جناب شرافت علی ایم پی اے آج کے لئے؛ جناب انور زیب خان آج کے لئے؛ جناب سردار محمد یوسف خان آج کے لئے؛ جناب افتخار علی مشوانی آج کے لئے؛ جناب لائق محمد خان آج کے لئے؛ جناب ارشد ایوب خان آج کے لئے؛ جناب عارف احمد زئی آج کے لئے؛ جناب نذیر احمد عباسی آج کے لئے؛ جناب آصف خان ایم پی اے آج کے لئے؛ محترمہ عائشہ بی بی آج کے لئے؛ جناب نعیم خان تنولی آج کے لئے؛ محترمہ ستارہ آفرین صاحبہ چار یوم، 5 تا 8 ستمبر؛ رابعہ بصری ایم پی اے آج کے لئے۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Leave is granted. Item No., item No. -----

جناب اختیار ولی: جناب چیئرمین صاحب! تاسو آئتم نمبر ایک او دو دواړه یو ځاې اوباسل۔

جناب مسند نشین: څه شے ؟

جناب اختیار ولی: ته ولې دې نه لګیا ئې مینځ نه اوباسئی۔ هغه د ګهنټو ثیز خو نه دے ټوټل د دریو منټو شے دے۔ تاسو د مینځ نه توجه دلاؤ نوټس اوویستو۔

جناب مسند نشین: په دې باندې House decision واغستو۔

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز مجریہ 2022 کا متعارف کرایا جانا

Mr. Chairman: Item No. 8, 'Introduction of Bill': The Minister for Higher Education, to please introduce the Institute of Management Sciences (Amendment) Bill, 2022 in the House.

Mr. Kamran Khan Bangash (Minister for Higher Education): Thank you Mr. Chairman, I intend to introduce the Institute of Management Sciences (Amendment) Bill, 2022 in the House.

Mr. Chairman: The Bill stands introduced.

## این ایف سی ایوارڈ پر عملدرآمد کی نگرانی سے متعلق دوسری ششماہی رپورٹ (جنوری تا جون 2021) کا پیش کیا جانا

Mr. Chairman: Item No. 9, 'Laying of Report': The Honourable Minister for Finance, to please lay the report on 2nd Bi-annual Monitoring on the Implementation of NFC Award (January-June 2021) in the House.

Mr. Shaukat Ali Yousafzai (Minister for Labour, Culture & Parliamentary Affairs): Sir! On behalf of the Finance Minister lay the report on 2nd Bi-annual Monitoring on the Implementation of NFC Award (January-June 2021) in the House.

Mr. Chairman: It stands laid.

نگہت بی بی! Rules suspension کے لئے آپ ریکویسٹ کر لیں۔

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، میں 240 کے نیچے 124 کو Suspend کر کے اپنی ایک ریزولیوشن پیش کرنا چاہتی ہوں۔

Mr. Chairman: Is it the desire of the House that rule 124 may be suspended under rule 240 and allow the Honourable Member, to

move the resolution? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Rule is suspended.

## قرارداد

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تھینک یو جناب سپیکر۔ ہر گاہ کہ گزشتہ حکومت نے وزیراعظم کی ہدایت پر صوبائی حکومت نے مختلف اداروں کے ریسٹ ہاؤسز کی محکمہ انتظامیہ یا محکمہ ٹورازم کے حوالے کئے جس کا مقصد ان سے منافع کمانا تھا لیکن ان ریسٹ ہاؤسز میں بعض ایسے ہاؤسز شامل تھے جو مختلف قومی اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ ساتھ بیرونی ملک سے آئے وفود کے لئے بھی استعمال ہوتے رہے ہیں۔ جیسے کہ گورنر ہاؤس، وزیراعلیٰ ہاؤس اور ہمالیہ ہاؤس سپیکر ہاؤس جسے کہتے ہیں، نتھیا گلی بھی شامل ہے۔ بدقسمتی سے جس مقصد کے لئے مذکورہ ریسٹ ہاؤسز کو محکمہ انتظامیہ یا محکمہ ٹورازم کے حوالے کیا گیا وہ مقصد پورا نہ ہو سکا البتہ اس سے مذکورہ محکمہ جات کو کافی مشکلات سے دوچار ہونا پڑا۔ انہی وجوہات کی بناء پر صوبائی کابینہ نے گورنر ہاؤس اور وزیراعلیٰ ہاؤس کو دوبارہ اپنی اصلی اداروں کے حوالے کرنے کی منظوری دی لیکن صرف ہمالیہ ہاؤس اور سپیکر ہاؤس تاحال محکمہ ٹورازم کے پاس رہ گیا ہے۔ چونکہ مختلف بیرونی وفود، قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے ممبران بیشتر اوقات خیبر پختونخوا کے دوروں پر آتے ہیں اور ہمالیہ ہاؤس میں ٹھہرتے ہیں۔ لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ گورنر ہاؤس اور وزیراعلیٰ ہاؤس کی طرح ہمالیہ ہاؤس یعنی کہ سپیکر ہاؤس کو بھی صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کو واپس حوالے کیا جائے تاکہ اسمبلی سیکرٹریٹ کے اثاثہ جات محفوظ ہوں اور مذکورہ مقاصد پورے کئے جا سکیں۔

جناب سپیکر صاحب، اس میں کچھ ترامیم ہیں جو کہ شگفتہ ملک صاحبہ پیش کریں گی۔

جناب مسند نشین: جی شگفتہ ملک صاحبہ!

محترمہ شگفتہ ملک: جی ډیره مننه چیئرمین صاحب۔ دیکښې جی دا یو ترمیم دے چې:

نیز گلیات میں موجود تمام ریسٹ ہاؤسز خاص کر ہمالیہ ہاؤسز میں جن کو محکمہ سیاحت کے حوالے کیا گیا تھا، سے کتنا منافع حاصل کیا گیا ہے اور ان میں موجود سامان کا پی اے سی کے ذریعے جائزہ لیا جائے اور جامع رپورٹ پیش کی جائے تاکہ نفع نقصان کا پتہ چل سکے۔

دا ډیر ضروری دے جی پکار ده چې په دې باندې لږ هغه اوشی ځکه چې دیکښې ځومره اخراجات شوی دی۔ بل دا ده چې د دې نه اوسه پورې ځومره Revenue حکومت Generate کړې ده، دا Kindly لږ دا که تاسو Accept کړو۔

Mr. Chairman: The question before the House is that the proposed amendment-----

(Interruption)

جناب مسند نشین: جی جی۔

وزیر محنت،ثقافت وپارلیمانی امور: په دې کار شروع دے جی دا خو سم۔

جناب مسند نشین: جی۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: سر، یو خو دا مونږ ته لکه جواب کوم پکار دے چې مونږ ته جواب معلوم وی چې څه جواب دے۔ قرارداد چې راځی یا خو دا ده چې مونږ ته مخکښې ملاؤ شوې وې، مونږ کتلې وې Proper جواب مو اغستې وې۔ دلته منسټر شته نه، نو مطلب دا دے دلته هاں اوکړو یا ناں اوکړو۔

جناب مسند نشین: مخکښې Admit شوے دے Already۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: جی لیکن ہمیں نہیں، اس کا جواب نہیں آیا، وہ منسٹر نہیں ہے Concerned، اب آپ کی مرضی ہے۔ سبا ته ئې کړئ ځکه چې منسټر راشی نو Proper جواب به ورکړی کنه۔

جناب مسند نشین: اس کو فی الحال Pending میں رکھ لیتے ہیں،اس کو جو ابھی آپ نے قرارداد پیش کی ہے۔اس لئے کہ ان کے پاس اس کا کوئی Written میں گیا ہی نہیں ہے۔یہاں پہ Admit ہو چکا ہے لیکن ان کو نہیں ملی ہے لیکن Concerned Minister کو نہیں ملی ہے۔ڈیپارٹمنٹ کو نہیں ملی ہے-----

(شور)

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: Concerned Minister راشی نو جواب به درکړی-----

(شور)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: یہ ایک مہینے سے Admit ہو چکی ہے لیکن اگر منسٹر کو نہیں ملی ہے تو اس میں میرا کیا قصور ہے؟

جناب مسند نشین: ابھی منسٹر کو بریفنگ نہیں ملی اس میں بریفنگ مل جائے تو پھر ان شاء اللہ جواب دے دے گا۔

وزیر محنت، ثقافت وپارلیمانی امور: جناب چیئرمین! میں یہ کہہ رہا ہوں۔۔۔۔۔

(شور)

وزیر محنت، ثقافت وپارلیمانی امور: دیکھیں یہ جو ڈیٹیل مانگی انہوں نے۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

وزیر محنت، ثقافت وپارلیمانی امور: نگہت! خبرہ واؤرہ، میں ابھی آپ کو بتا رہا ہوں، دیکھیں یہ جو ڈیٹیل مانگی ہے انہوں نے ڈیٹیل بھی کل مل جائے گی۔ اب ڈیٹیل میرے پاس تو نہیں ہوتی ہے اس طرح۔۔۔۔۔

(شور)

جناب مسند نشین: میڈم! اس کو Pending رکھ لیتے ہیں وہ بریفنگ لے لیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، دیکھیں آپ اس کو Pending کرتے ہیں آپ اس کو۔۔۔۔۔

(شور)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: یرہ ما خو لږ پریږدئ کنہ۔ بات یہ ہے جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، دیکھیں میں ان باتوں میں نہیں جانا چاہتی ہوں۔ اس سے Zero percent ہمیں فائدہ بھی نہیں ہوا ہے۔ جب وزیر اعلیٰ ہاؤس واپس ہو گیا ہے جب دوسرے محکموں کے جو ریسٹ ہاؤسز ہیں وہ واپس ہو گئے ہیں تو ہمارے سپیکر ہاؤس کا، ہمالیہ ہاؤس جو کہ مختلف وفود آ کے ٹھہرتے ہیں اور ابھی جب سیلاب آیا ہوا ہے، پورے ملک میں سیلاب کی سی کیفیت ہے اور وہاں پہ لوگ دربدر پھر رہے ہیں اور باہر کے ابھی وفود آئیں گے اور اس کا جائزہ لیں گے تو ان کو آپ کہاں پہ ٹھہرائیں گے آپ مجھے بتائیں؟ ان کو آپ کہاں پہ ٹھہرائیں گے، ان کو آپ PC ٹھہرائیں گے ان پہ اخراجات کریں گے؟

جناب مسند نشین: ٹھیک ہے میڈم۔ ٹھیک ہے میڈم اس کو فی الحال Suspend کر لیتے ہیں میڈم، Pending, sorry pending کر لیتے ہیں اس کو۔ اس کو Next sitting جو ہو گی تو۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ہں؟

جناب مسند نشین: Nextجب Sittingہو گی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: Next sitting کے لئے ؟

جناب مسند نشین: جمعہ کا دن ہے ناں ؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ہاں ٹھیک ہے۔Okay, okay۔

(تالیاں)

## رسمی کارروائی

جناب مسند نشین: جی بابر۔جی بابر صاحب!

جناب بابر سلیم سواتی: شکریہ جناب سپیکر۔نکتہ اعتراض پہ ایک چھوٹی سی بات کرنا چاہتا ہوں جی۔مانسہرہ میں آج اے سی صاحبہ Checking پہ گئیں ان کے ساتھ پولیس تھی۔جناب سپیکر!۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: جی جی بات کریں آپ۔

جناب بابر سلیم سواتی: ایک واقعہ مانسہرہ میں ہوا جی۔ایک جواں سال بچہ جو ہے وہ ہلاک ہو گیا پولیس اور انتظامیہ کی غفلت کی وجہ سے۔یہ گزشتہ کچھ عرصے سے ہم نوٹ کر رہے ہیں کہ یہ جو State کے Agents ہیں یہ لوگوں کو Terrorize کر رہے ہیں قانون کے نام پہ۔جاتے ہیں تاجروں کو ہراساں کرتے ہیں، چھوٹے چھوٹے دکانداروں کو ہراساں کرتے ہیں۔آج کل یہ وہ شاپروں کا بڑا مسئلہ چل رہا ہے۔تو شاپروں کی Checking کے لئے یہ جاتے ہیں۔ایک تندور پہ بچہ کام کر رہا تھا اس کو اے سی صاحبہ نے کہا کہ اس کو پکڑو، پولیس اس کے پیچھے گئی وہ بھاگا چھت پہ چڑھ کے بھاگ رہا تھا کہ آگے تاروں سے لٹک گیا اور وہ وہی پہ موقع پہ فوت ہو گیا۔اس وقت پورے مانسہرہ میں اس وقت بھی جلسے اور جلوس چل رہے ہیں۔میں کہنا یہ چاہتا ہوں سر، جب آپ کسی قانون کی Implementation کے لئے جاتے ہیں تو اس کے Root cause کو دیکھیں۔کیا آپ نے آج تک شاپروں کی فیکٹریاں بند کیں؟ کیا آپ چھوٹے دکانداروں کو اور تھڑے پہ بیٹھنے والوں کو آپ جاتے ہیں اور قانون کے نام پر پکڑتے ہیں ان کو دو دو تین تین دن جیل میں ڈالتے ہیں، ان پہ بیس بیس ہزار روپے جرمانے کرتے ہیں۔تو جناب، میں یہ چاہتا ہوں اور اس ایوان کے ذریعے میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سے اور آپ کے توسط سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ اس واقعہ کی انکوائری کی جائے اور اس میں اگر انتظامیہ کے End پہ اور پولیس کے End پہ کوئی غلطی ہے تو اس کی ان کو سزا دی جائے جی۔Thank you very much Sir۔

Mr. Chairman: Concerned Minister, please.

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور): جناب چیئرمین، اس میں انکوائری اگر نہیں ہوئی تو میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ انکوائری کروائیں گے بالکل کروائیں گے اور وزیراعلیٰ صاحب کو اگر آپ، یہ خود بھی رابطہ کر سکتے ہیں میں بھی ابھی رابطہ کر لوں گا اس کے بعد۔ اگر وہ ان کی طرف سے کروانا چاہتے ہیں یا اگر اسمبلی کے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب مسند نشین: سواتی صاحب! بات سنیں، سواتی صاحب، سواتی صاحب! جواب سنیں نا۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: یہ اگر آپ بیٹھ جائیں میرے ساتھ۔ اگر انکوائری کرانا چاہتے ہیں جو بھی متعلقہ جس ڈیپارٹمنٹ سے آپ کرانا چاہتے ہیں۔ میں یہی کہہ رہا ہوں ناں جس سے آپ کرانا چاہتے ہیں جس سے آپ مطمئن ہو سکتے ہیں بیٹھ کر ابھی مسئلہ حل کرا لیتے ہیں۔ تھیک شو۔

Mr. Chairman: Item No. 10. Nighat Bibi!

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر! آپ نے پہلے کہا تھا کہ اس پہ ہم لوگ وہ اشتیاق ارمڑ نے کہا تھا کہ ہم اس پہ بحث جو ہے تو وہ Monday کو کریں گے اور ابھی آپ کہتے ہیں کہ نہیں اس پہ بحث کریں۔

جناب مسند نشین: Monday کو کرنا چاہ رہی ہیں آپ پھر۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں۔ اشتیاق ارمڑ جب نہیں ہیں اور اشتیاق ارمڑ نے آپ کے سامنے بات کی تھی اور آپ مان بھی گئے تھے اور آپ نے کہا تھا کہ نہیں اس پہ آج بحث نہیں کریں گے اور ابھی آپ کہتے ہیں کہ اس پہ بحث کریں۔ تو جب تیاری نہیں ہو گی جب کچھ نہیں ہو گا تو پھر۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: چلیں Monday کو کر لیتے ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: چلیں اس میں ایسا کرتے ہیں میں بحث کر لیتی ہوں۔ یار خدا کے لئے ذرا میری بات سن لیا کرو جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، ایسا کریں کہ میں اپنا Adjournmnet Motion پیش کر لیتی ہوں اور پھر میں Monday کو اس پہ بات کر لوں گی یا کل بات کر لوں گی۔ عنایت اللہ اس پہ Start لے لیں گے۔

جناب مسند نشین: ٹھیک ہے ٹھیک ہے۔ Monday کو اس پر بات کر لیں گے پھر۔ پیش کر لیں آپ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں پیش کر لیتی ہوں۔

جناب مسند نشین: جی میڈم۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب عنایت اللہ: دا پیش شوے دے Already۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: پیش شوے دے۔

جناب مسند نشین: بس میڈم یہ تو پیش ہوا ہے پہلے سے۔

جناب عنایت اللہ: اس پہ Debate ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تو Debate آپ شروع کر لیں نا اس پہ۔ آپ شروع کر لیں اس پہ Debate، میں آپ کے بعد کر لوں گی۔

جناب مسند نشین: جی عنایت صاحب۔ اس پر بحث Monday کو ہو گی۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: نہیں جی Monday کو نہیں ہو گی، پھر Monday کو نہیں ہو گی میں یہ کہہ رہا ہوں یا تو Monday کو Debate کرائیں۔

جناب عنایت اللہ: یرہ ابھی کیوں، دیکھیں Flood ہے یہ کونسا Rocket Science ہے؟ موسمیاتی تبدیلی ہے اور Flood ہے۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: نہیں Flood پہ کریں۔ Flood پہ بات کریں۔

جناب عنایت اللہ: اس میں یار یہ ایمرجنسی ہے۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: نہیں نہیں دیکھیں موسم کی تبدیلی اور ہے Flood پہ اگر بات کرنی ہے تو۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: Monday کو اس Adjournment Motion پہ۔۔۔۔۔

جناب عنایت اللہ: دیکھیں میں سمجھتا ہوں آپ اس کو بے شک Monday تک لے چلیں۔

جناب مسند نشین: جی۔

جناب عنایت اللہ: یہ اس قابل ہے کہ اس پہ دو ہفتے Discussion کی جائے۔ دیکھیں یہ اتنی بڑی تباہی ہے اور یہ جو موسمیاتی تبدیلیاں ہیں یہ اتنا بڑا Issue ہے اس کے Consequences ہیں۔ دیکھیں جواب آپ اس جس طرح، جواب آپ دے دیں بے شک جواب آپ دے دیں۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: تاسو بہ خبرې اوکړئ خو جواب خو بہ گورنمنټ ورکوی کنہ زہ خو دا وایمہ۔۔۔۔۔

جناب عنایت اللہ: جواب دینے سے آپ کو کس نے روکا ہے یار؟
وزیر محنت،ثقافت وپارلیمانی امور: میں یہ کہہ رہا ہوں کہ بی بی نے کہا ہے کہ ان کی تحریک التواء ہے۔
جناب مسند نشین: عنایت صاحب!شوکت کا جواب سن لیں پھر بات کر لیں آپ۔
وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: بی بی کہہ رہی ہے کہ تحریک التواء اس کی ہے وہ کہہ رہی ہیں کہ Monday کو اس پہ بحث ہو جائے تو Monday کو بحث اس پہ ہونی چاہیئے۔ اگر آپ نے سیلاب پہ بات کرنی ہے آپ کریں تاکہ آپ کو جواب ملے Proper۔ اگر آپ نے موسمیات پہ بات کرنی ہے اس پہ بھی آپ بات کر لیں میں جواب آج ہی دوں گا۔ یہ نہیں ہو سکتا آپ ہمیں کہیں کہ۔۔۔۔۔
جناب عنایت اللہ: میں نے Adjournmnet Motion جمع کیا سیلاب کے اوپر۔ مجھے آپ کے اسمبلی سیکرٹریٹ نے بتادیا کہ چونکہ نگہت بی بی کا جو ماحولیاتی تبدیلیاں ہیں اس کے نتیجے میں Glaciers جو ہیں وہ پگھل رہے ہیں اور اس کے نتیجے میں سارا اس کے Consequences ہیں۔ اس پہ Already اس کا Adjournment Motion admitted ہے، وہ آج ایجنڈے پہ ہے۔ یہ آپ کے اسمبلی سیکرٹریٹ نے مجھے بتادیا۔ تو میں نے کہا بالکل بسم اللہ۔ میں نے Written دے دیا کہ ہم اس Debate میں حصہ لینا چاہتے ہیں۔ دیکھیں سیلاب ایک ایمرجنسی ہے۔ سیلاب کے اندر Issues چل رہے ہیں اور حکومت جو ہے حکومت کے لئے سیلاب کے لئے کوئی وقت نہیں چاہیئے۔ یہ ہر وقت اس پہ لگے ہوئے ہیں۔ Round the Clock اس کی Meetings ہیں، Cabinet کے اندر اس کی Meetings ہیں۔ یہ Connected issue ہے یار Connected issue ہے۔ Glaciers کا جو ہے ماحولیاتی تبدیلیاں ہیں۔۔۔۔۔
جناب مسند نشین: چلیں کریں۔ عنایت صاحب نگہت بی بی اس پہ بات کر لیں گی۔ نگہت بی بی اپنے Adjournment Motion پہ کر لیں بات، Debate کر لیں آپ شروع کریں۔ نگہت بی بی۔ نگہت بی بی۔
محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: Thank you Mr. Speaker۔ یہ جو میرا Adjournment Motion ہے جس پہ کہ یہ میرا Admit ہوا ہوا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں شروع کرتی ہوں ناں جی۔

جناب مسند نشین: نگہت بی بی! سب سے پہلے سیلاب کا فکر تو سب کو ہے لیکن جو سیلاب میں فوت ہو چکے ہیں جو ان کے لئے دعائے مغفرت میرے خیال میں کر لیں۔ حافظ صاحب! آپ دعا کر لیں ان کے لئے۔
دعا اوکړئ ورته کنه چې کوم وفات شوی دی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، دیکھیں سب سے پہلے ایک بات میں آپ کو بتاؤں۔ اس پہ Adjournment Motion پہ آج بھی بات ہو گی بس ٹھیک ہے ہم لوگ تیار ہیں۔ میں اس پہ بات کرتی ہوں بالکل آپ جو لوگ اس میں وفات پا چکے ہیں ان کے لئے دعائے مغفرت کروائیں اور جناب سپیکر صاحب، بہت سے علاقوں میں جو امداد نہیں پہنچی ہے خاص کر اورکزئی علاقے میں جو ہے تو وہ تہس نہس ہو گیا ہے، بہت سے علاقوں میں جہاں پہ امداد نہیں پہنچی ہے تو میں آپ کی توسط سے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب مسند نشین: آپ بات کر لیں اس پہ ناں؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ٹھیک ہے آپ دعا کروا دیں، پلیز۔

جناب مسند نشین: جی آپ حافظ صاحب۔

(اس مرحلہ پر سیلاب میں فوت ہو جانے والے لوگوں کے لئے دعائے مغفرت کی گئی )

## حالیہ سیلاب کے تباہ کاریوں اور تحریک التواء نمبر 435 پر تفصیلی بحث

جناب مسند نشین: جی نگہت بی بی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: Thank you Mr. Speaker۔ جناب سپیکر صاحب، یہ چونکہ ماحولیاتی اس پہ میرا Adjournment Motion تھا اور چونکہ میں جون جولائی سے یہ بات کر رہی تھی اور یہ میرا جون میں نے یہ جو ہے تو Adjournmnet Motion جمع کروایا تھا اور مجھے پتہ تھا اور اس پہ ایک European جو Senator ہیں انہوں نے بھی بات کی تھی اس پہ کہ یہ ایک Climate Change اور ایک موسمیاتی تبدیلی جو ہے تو وہ پاکستان اور ان علاقوں میں آنے والی ہے جس سے پھر بہت زیادہ نقصان ہو گا لیکن جناب سپیکر صاحب، ہم اس وقت جاگتے ہیں جب ہمارے سر پہ طوفان آ جاتا ہے، جب ہمارا سب کچھ بہہ جاتا ہے تو اس کے بعد ہم جاگتے ہیں، ہماری حکومت جاگتی ہے وہ چاہے مرکزی حکومت ہو، چاہے صوبائی حکومت ہو، چاہے جو بھی حکومت ہو لیکن ہم اس کے لئے کوئی پیش قدمی یا ہم اس کے لئے کوئی بھی کسی قسم کا پہلے سے Plan نہیں بناتے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، 7250 سے زائد معمول

کے Glaciers کے ساتھ پاکستان قطب علاقوں سے باہر سب سے زیادہ Glaciers کا مسکن ہے۔ زیادہ تر Glaciers جو ہیں وہ گلگت بلتستان اور صوبہ خیبر پختونخوا میں واقع ہیں۔ صرف جو ضلع چترال میں 500 سے زائد Glaciers ہیں۔ روزنامہ مشرق 7 جولائی 2022 کی اشاعت کے مطابق عالمی موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے پاکستان میں موجود یہ سات ہزار Glaciers تیزی سے پگھل رہے ہیں جس سے تقریباً سات ملین افراد شدید خطرے میں ہیں۔ Climate Change کے سبب عالمی درجہ حرارت میں اضافے کیوجہ سے پاکستان کو Glaciers کے پگھلنے، سیلاب، Heatwave، خشک سالی سمیت اور کئی خطرات کا بھی سامنا ہے۔ Global Climate Risk Index 2021 کے مطابق پاکستان اب بھی موسمیاتی تبدیلیوں کے سب سے زیادہ خطرے والے دس ممالک میں شامل ہے۔ رواں سال مارچ کے مہینے سے ہی ملک میں گرمی کی شدت میں اضافہ دیکھا گیا تھا۔ ملک کے بیشتر حصوں میں دن کے وقت زیادہ سے زیادہ اوسط درجہ حرارت معمول سے پانچ ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ سے آٹھ ڈگری سینٹی گریڈ تک زیادہ رہا۔ آنے والے مہینوں کے دوران گرمی کی شدت کی وجہ سے ملک بھر میں درجنوں اموات، بجلی کی بندش، آگ لگنے اور فصلوں کو نقصان پہنچنے کے واقعات رونما ہوئے۔ جناب سپیکر صاحب، سائنسدانوں نے Heatwave کو موسمیاتی بحران سے جوڑا ہے اور ایک تحقیق کے مطابق موسمیاتی تبدیلیوں نے Heatwave کے Thirty percent گنا زیادہ ہونے کا امکان پیدا کیا ہے لیکن Heatwave کو Climate Change کی وجہ سے پاکستان پر اثرانداز ہونے والا واحد آفت نہیں ہے۔ گرمی میں اضافے کی وجہ سے پہاڑوں پر برف تیزی سے پگھلنے لگی جس کے باعث شمالی پاکستان میں Glaciers پر برفانی جھیل پھٹنے کا واقعہ رونما ہوا۔ اپریل سے ہی محکمہ موسمیات نے Glaciers کے پگھلنے کی وجہ سے دریاؤں میں پانی کے بہاؤ میں ممکنہ اضافے کا Alert جاری کر دیا تھا۔ اب سنیں، اپریل میں Alert جاری ہو چکا تھا لیکن شدید گرمی کی لہر کے بعد جون کے وسط سے پاکستان کو مون سون کی تباہ کن سیلابوں کا سامنا کرنا پڑا۔ مون سون کی بارشوں اور Glaciers پگھلنے کی وجہ سے آنے والے سیلاب سے پاکستان میں کم از کم ایک لاکھ، ایک سو اٹھائیس افراد ہلاک ہو چکے ہیں جن میں تین سے چالیس بچے بھی شامل ہیں اور سترہ سو سے زیادہ زخمی ہو چکے ہیں۔ اقوام متحدہ نے متاثرہ افراد کی تعداد تقریباً 33 ملین شمار کی ہے تقریباً دس لاکھ گھر مکمل طور پر یا جزوی طور پر تباہ ہو چکے ہیں جس سے لاکھوں افراد بے گھر ہو چکے ہیں اور جنہوں نے پناہیں لی ہوئی ہیں یہاں پر موٹروے پر اور دوسری جگہوں پہ جہاں پہ ان کو یعنی

آتے جاتے لوگ ان کی عورتوں کو اور ان کی بے پردگیوں کو دیکھتے ہیں جناب سپیکر صاحب۔ اقوام متحدہ نے متاثرہ افراد کی تعداد جو ہے وہ تو 33 ملین شمار کی ہے لیکن جناب سپیکر صاحب، سات لاکھ سے زیادہ مویشی ہلاک ہو چکے ہیں۔ فصلوں اور لائیو سٹاک کے نقصانات کا ابتدائی تخمینہ 350 ارب روپے سے زائد بتایا جاتا ہے جبکہ سڑکیں، پل، گھر اور سکولز بھی کھنڈرات میں تبدیل ہو چکے ہیں جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے، پھر اس میں اقوام متحدہ کی Population Fund UNFPA کے مطابق حالیہ سیلاب سے پاکستان میں کم از کم چھ لاکھ پچاس ہزار حاملہ خواتین متاثر ہوئی ہیں، یہ بات نوٹ کرنے کی ہے۔ جن میں سے تہتر ہزار کے ہاں اگلے ماہ بچے کی پیدائش متوقع ہے۔ ان خواتین کو سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں سب سے زیادہ خوفناک صورتحال کا سامنا ہے۔ مون سون کی بارشوں سے آنے والے سیلاب نے صوبہ خیبر پختونخوا کو بھی بری طرح متاثر کیا ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق خیبر پختونخوا میں 251 افراد لقمہ اجل بن گئے۔ مختلف علاقوں میں سیلاب سے انیس ہزار مکانات مکمل طور پر تباہ ہو گئے، درجنوں پل اور ہوٹل سیلابی ریلے میں بہہ گئے، لاکھوں لوگوں کو اپنا گھر بار چھوڑنا پڑا۔ صوبے کے پہاڑی علاقوں کے مختلف دیہاتوں میں سیلاب نے درجنوں مکانات کو اپنے لپیٹ میں لے لیا۔ پاکستان کے شمالی پہاڑی سلسلے ہندوکش، ہمالیہ اور قراقرم پر سال بھر Glaciers کا غلبہ رہتا ہے۔ خیبر پختونخوا میں موجودہ Glaciers مقامی آبادی اور زیریں اضلاع کے باشندوں کے لئے مستقل خطرہ بن چکے ہیں۔ ان اہم قدرتی خطرات (مداخلت) کیا؟ کچھ بتایا، کسی نے کچھ بولا ہے؟۔۔۔۔

جناب مسند نشین: جی میڈم!

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: منور خان! آپ کو کیا پرابلم ہے، ہے کوئی، نہیں ہے۔

جناب مسند نشین: منور خان ایسے خوش ہو رہا ہے میڈم آپ بات کریں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ایسے خوش ہو رہا ہے۔

جناب مسند نشین: وہ ایسے خوش ہو رہا ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اچھا، اچھا۔ خوش باش آدمی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ان اہم قدرتی خطرات میں سے ایک ہے جو کہ صوبے کے تمام علاقوں کو متاثر کرتے ہیں۔ طویل گرمی اور زیادہ درجہ حرارت کی وجہ سے Glaciers زیادہ شرح سے پگھلتے ہیں، بہار کا موسم Glaciers کے جمنے کے عمل کے لئے سازگار ہوتا ہے تاہم درجہ حرارت اور موسم بہار کی تقریباً آمد ہونے کی وجہ سے Glaciers کو جمنے کے لئے

کافی وقت نہیں ملتا اور اس لئے گرمیوں کی آمد پر Glaciers تیزی سے پگھل رہے ہیں۔ گلگت بلتستان سمیت خیبر پختونخوا میں کل تین ہزار چوالیس برفانی جھیلیں بن چکی ہیں۔ ان میں سے 33 برفانی جھیلوں کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ وہ برفانی جھیل پھٹنے سے ہونے والے خطرناک سیلاب کا شکل کر سکتی ہے جس سے تقریباً سات ملین افراد GLOF کے خطرے میں ہیں۔ پہاڑوں اور دیہات میں بسنے والے غریب عوام Climate Change کے ان اثرات کی وجہ سے زیادہ خطرات کے زد میں ہیں لیکن سیلابی ریلوں اور دریاؤں میں طغیانی کی وجہ سے پورا صوبہ خطرے میں ہے۔ Glaciers پانی کے اہم ذرائع ہیں۔ ان Glaciers سے دریاؤں میں شامل ہونے والا پانی ملک میں ذخیرہ شدہ پانی کی فراہمی کا تقریباً پچھتر فیصد حصہ بنتا ہے لیکن Climate Change کی وجہ سے ان کا تیزی سے پگھلنا معاشرے اور قدرتی نظام کے لئے خطرناک بنتا جارہا ہے۔ ماضی میں ہم Climate Change جیسے مسائل سے نمٹنے کے لئے قلیل مدتی حکمت عملی ترتیب دیتے آئے ہیں لیکن موسمیاتی تبدیلیوں کے معاملے میں ایسی حکمت عملی کارآمد نہیں ہوتی۔ لہذا ان مسائل سے نمٹنے کے لئے تیس سے پچاس سال تک کی Longterm policy درکار ہو گی، کی ضرورت ہو گی۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں اپنی ترقیاتی اور سیاسی ایجنڈے میں Climate Change کو ترجیح دیں۔ موسمیاتی تبدیلی انسانی اور اقتصادی ترقی کے ہر شعبے کو متاثر کرے گی لہذا اس کو ہر سطح پر ترجیحاً مدنظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ اداروں کی سطح پر قدرتی آفات سے نمٹنے کے لئے Reservoir approach کو اپنانے کی ضرورت ہے۔ تیاری اور دور اندیشی سے بہت زیادہ وقت، پیسہ اور جانیں بچائی جاسکتی ہیں۔ پہاڑی علاقوں میں بجلی اور قدرتی گیس کی رسائی نہ ہونے کی وجہ سے جنگلات کی شدید کٹائی ہو رہی ہے۔ اس لئے پہاڑی ڈھلوانوں پر فوری طور جنگلات کی شجرکاری کا پروگرام وقت کی ضرورت ہے۔ ملک بھر میں Communities اور عام لوگوں کو بڑے پیمانے پر شجرکاری مہم میں شامل کروانے کی ضرورت ہے۔ پہاڑی علاقوں میں کچرے کو ٹھکانے لگانے کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے یا تو اسے دریاؤں میں پھینک دیا جاتا ہے یا اسے جلا دیا جاتا ہے جس وجہ سے Glaciers پگھلنے میں تیزی آرہی ہے۔ کچرے کو ٹھکانے لگانے کا مناسب نظام اور آگاہی خاص طور پر سیاحوں کے لئے فضائی آلودگی اور قدرتی آفات کے خطرے کو کم کیا جاسکتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ڈیموں کی تعمیر پانی کو ایک خاص سطح پر پہنچنے پر جمع کر کے اور روک کر سیلاب سے بچا سکتی ہے لیکن ناقص منصوبہ بندی سے تعمیر شدہ ڈیم مقامی سماجی اور اقتصادی نظام کو تباہ کر سکتے ہیں۔ لہذا پاکستان میں ڈیموں کی تعمیر کے لئے مقامی

کمیونٹی سے مشاورت اشد ضروری ہے۔ پاکستان عالمی سطح پر Greenhouse گیسوں کے اخراج میں ایک فیصد سے بھی کم کا ذمہ وار ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ میری بات کو، اس پوائنٹ کو نوٹ کیا جائے کہ پاکستان جو ہے وہ عالمی سطح پر Greenhouse گیسوں کے اخراج میں ایک فیصد سے کم کا ذمہ وار ہے لیکن پھر بھی شاید شدید گرمی کی لہروں اور سیلابوں اور خشک سالی سے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو برداشت کر رہا ہے۔ ترقی یافتہ ممالک جیسا کہ امریکہ اور European Union میں شامل ممالک صنعتی انقلاب کی وباء سے فضا میں زیادہ تر حرارت کے اخراج کے ذمہ وار ہیں، ترقی یافتہ ممالک Climate Justice کے معاملے میں پاکستان جیسے ممالک کے مقروض ہیں۔ چونکہ وہ کافی حد تک کام کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ لہذا بین الاقوامی برادری کے ساتھ مل کر Climate Justice کے سلسلے میں منظم تحریک کی ضرورت ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ابتدائی تخمینوں کے مطابق حالیہ مہلک سیلاب سے پاکستان کو 10 سے 12 بلین ڈالرز سے زیادہ کا جو نقصان ہوا ہے تو Global warming کے لئے ذمہ وار ممالک کا اخلاقی اور بنیادی فرض ہے کہ وہ سب سے ملکر اس نقصان کی تباہی کا ذمہ وار ٹھہرائے اور میں اس پہ جناب سپیکر صاحب، جب یہ بحث ختم ہو جائے تو اس میں میں چاہتی ہوں کہ ہم سب گورنمنٹ بھی اور یہاں سے اپوزیشن مل کر ایک ریزولیوشن لے کر آئے کہ جو ان تمام ترقیافتہ ممالک کو کیونکہ زیادہ ترانڈسٹری، زیادہ تر گاڑیاں، زیادہ تر جو بھی ہمارا Global warming، یعنی Climate Change پہ اثر پڑتا ہے، وہ ہمارے حصے میں نہیں آتا ہے، یہ ہم ان کا حصہ Pay کر رہے ہیں، یہ ہماری اموات جو ہو رہی ہیں، یہ ہمارا جو نقصان ہو رہا ہے یہ سب کچھ جو ہے تو امریکہ اور کینیڈا اور ان دوسرے ممالک سے کہ جہاں پہ انڈسٹریز کام کرتی ہیں، جہاں پہ زیادہ گاڑیاں چلتی ہیں، جہاں سے Gases کا جو اخراج ہوتا ہے تو اس وجہ سے ہمارے Glaciers کو پگھلانے میں جو ہے تو یہ لوگ ہمارے لئے سر درد کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ اس لئے میں چاہوں گی کہ جب یہ بحث ختم ہو جائے تو حکومت اور اپوزیشن مل کر ایک قرارداد لائے اور ان سے یہ مطالبہ کریں کہ ہمیں 10 سے 12 بلین ڈالرز جو ہے تو یہ ممالک ادا کریں گے جو ہمارے ان بے گھر لوگوں کے لئے، ہمارے ان لوگوں کے لئے جن کے گھر تباہ ہو گئے ہیں، جن کے مویشی تباہ ہو گئے ہیں، جن کے کھیتوں کو پانی لے گیا ہے اور جو بے گھر ہو گئے ہیں۔ تو جناب سپیکر صاحب، میں اسی پہ اپنی تقریر کا اختتام کرتی ہوں جی۔ Thank you۔

<u>جناب مسند نشین</u>: Thank you۔ جی عنایت اللہ صاحب۔

جناب عنایت اللہ: شکریہ جناب چیئرمین صاحب، انتہائی اہم موضوع پہ آج آپ نے Questions hourاور ایجنڈا معطل کر کے Debate کی اجازت دی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ تمام ممبران کو اس میں حصہ لینا چاہیئے اور حکومت کو Notes لے کر Positive انداز میں Respond کرنا چاہیئے۔ ایک امریکی مشہور دانشور ہے Noam Chomsky، اس نے لکھا ہے کہ دنیا کو جو Existential threat ہے، یعنی دنیا کی وجود کو خطرہ ہے، وہ دو چیزوں سے ہے، یعنی آج کے اندر دو چیزوں سے دنیا کے وجود کو خطرہ ہے، ایک ماحولیاتی تبدیلی ہے، Global warming ہے اور دوسرا جو Nuclear اسلحہ ہے اس کا پھیلاؤ۔ یعنی یہ دونوں ایسے Threats ہیں کہ جس کے نتیجے میں دنیا کا پورا وجود ختم ہونے کا خطرہ موجود ہے۔ ماحولیاتی تبدیلی جو ہے، نگہت بی بی نے اس پہ پوری تیاری کر کے آپ کو بتادیا کہ ہم One percent contribute کرتے ہیں اور Ninety nine percent جو Developed World جو So-called developed World ہے وہ Contribute کرتی ہے اور ہم اس One percent کے بدلے میں دس جو بڑے Top vulnerable Countries ہیں اس میں شامل ہیں۔ تو میں اس میں یہ تجویز کرنا چاہوں گا کہ ریزولیوشن بھی بڑی Important ہے کہ اس اسمبلی سے پاس ہو لیکن جو ہمارا Diplomatic cover ہے، ہمارے فارن منسٹر ہیں، جو ہمارے پرائم منسٹر ہیں، جو ہماری پوری Diplomacy ہے وہ اسی ایک نکتے پر مرتکز ہو اور ہم West سے اس کا تاوان وصول کریں۔ ہم ان کی گناہوں کا کفارہ ادا کر رہے ہیں، ہم اس کا تاوان وصول کریں۔ سر، میڈم نے اس کی طرف اشارہ کر دیا ہے، خیبر پختونخوا کی ستر لاکھ آبادی آئندہ سالوں کے اندر خطرے کے اندر ہے کیونکہ Glaciers زیادہ تر یا گلگت بلتستان میں ہیں یا خیبر پختونخوا میں ہیں اور یہ آخری سیلاب نہیں ہے، یہ ان سیلابوں کا سلسلہ ہے جو Future کے اندر آئیں گے۔ جناب سپیکر صاحب، اس وقت خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان اور پنجاب چاروں صوبے سیلاب کی زد میں ہیں۔ ہمارے خیبر پختونخوا میں چونکہ Glaciers زیادہ ہیں، پہاڑی علاقے ہیں جہاں سے نکلتے ہیں تو ہم بہت زیادہ Vulnerable ہیں، ہماری آبادیاں Vulnerable ہیں اور میں سمجھتا ہوں یہ جو ہم نے این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے بنائی ہیں۔ 2005 میں زلزلہ ہمارے ہاں آیا تھا، 2008 میں یا 09/10 میں IDPs Crisis آیا، پھر 2015 میں زلزلہ ہوا۔ پھر اس کے بعد 2010 میں Flood آیا اور پھر Covid آیا اور اس کے بعد یہ۔ یہ این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے اسی کے سلسلے میں بنی تھیں لیکن بد قسمتی سے ان کی Competency، ان کی

Capacity build نہیں ہو سکی اور وہ جو Response بروقت دینا چاہیئے یہ وہ نہیں دے سکتے ہیں، اس وجہ سے ہمارے ہاں اموات ہورہی ہیں، اس وجہ سے ہمارے ہاں Flash floods کے اندر بھی اموات ہو رہی ہیں اس وجہ ہمارے ہاں لوگ بند ہو جاتے ہیں، دریاؤں کے اندر بند ہو جاتے ہیں ان کو Rescue نہیں کیا جاتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میرے حلقے کے اندر Flash flood کے اندر ایک ہی خاندان کے، ایک ہی Grand Father کے پانچ بچے جو ہیں وہ Flash flood کے اندر بہہ گئے، کل بھی میرے حلقے کے اندر واقعہ ہوا ہے اور ایک بندہ کل شہید ہوا ہے اور اس طرح پورے دیر کے اندر کوئی دس تک لوگ شہید ہو گئے ہیں۔ اس صوبے میں سینکڑوں لوگ شہید ہو گئے ہیں، پورے پاکستان کے اندر ہزار سے اوپر لوگ شہید ہو گئے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، جو ہمارے Main roads ہیں جو ہمارا انفراسٹرکچر ہے، میں پورے صوبے کا تو Data اپنے ساتھ نہیں رکھتا لیکن میں بتانا چاہتا ہوں کہ جو ہمارا چکدرہ سے لیکر چترال تک روڈ ہے، یہ روڈ ہمیشہ سے تھوڑی سی بارش ہو جاتی ہے تو یہ تالاش کے مقام پہ ایک برساتی نالے، چھوٹے سے برساتی نالے کی وجہ سے پانچ پانچ اور چھ چھ گھنٹے وہ Block رہتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ جب آپ آگے جاتے ہیں تو تیمر گرہ کے قریب ایک جگہ ہے اس کو زلم پل کہتے ہیں، یہ پچھلے Flood کے اندر بھی سیلاب کی نذر ہوا تھا، اب بھی سیلاب کی نذر ہوا ہے۔ اس سے آگے آپ جاتے ہیں خال ایک تحصیل ہے اس میں جاپان پل ہے یہ پچھلے Flood کے اندر بھی سیلاب کی نذر ہوا تھا اس Flood کے اندر بھی سیلاب کی نذر ہوا۔ اس سے آگے جب آپ جاتے ہیں تو موہے ایک جگہ ہے یہ صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب کی Constituency ہے یہ روڈ پچھلے Flood کے اندر بھی بہہ گیا تھا اس Flood کے اندر بھی بہہ گیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ جو ہمارا کلکوٹ تحصیل ہے جس کو ہمارے باچا صالح صاحب Represent کرتے ہیں، یعنی سچی بات یہ ہے کہ میں خود دیکھ کر آیا ہوں اور دیکھنے اور سننے میں بہت بڑا فرق ہے، یہ پورا تحصیل جو ہے وہ تباہ ہو چکا ہے، پوری کوہستان Valley تباہ ہو چکی ہے، پچاس سال پیچھے چلے گئے ہیں۔ بحیثیت مجموعی دیر اپر کے اندر جو تباہی ہوئی ہے میں تھوڑا آپ کے ساتھ Share کرنا چاہتا ہوں۔ 50 مساجد مکمل طور پہ Washout ہو گئے ہیں 50 مساجد اور کوئی 26 لوگ یا زخمی ہوئے یا ان کی Death ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ کوئی 980 گھر Fully یا Partially damage ہو گئے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، 50 تک رابطہ پل اپر دیر کے اندر Fully یا Partially damage ہو گئے ہیں۔ اس کے علاوہ 60 Power Houses یہ دریا کی نذر ہو گئے ہیں اور جناب سپیکر صاحب، 295

بڑی واٹر سپلائی سکیمیں۔اس کے علاوہ دو تین سوا یری گیشن چینلز،اور یہ چار بڑےPower Houses باچاصالح صاحب کے حلقے میں Washout ہو گئے ہیں۔یعنی میری جو Valley ہے اس کے اندر روڈز پہ ملبہ موجود ہے Barawal valley کے اندر۔عشیرئی کے اندر Main road خراب ہو چکا ہے،اس میں Power Houses بہہ چکے ہیں۔آپ داروڑہ کے اندر چلے جائیں تو یہی صورتحال ہے۔یہ دیر کے اندر جو تباہی ہوئی،اپر دیر کے اندر جو تباہی ہوئی اور اس کا Ninety percent ہمارے کلکوٹ تحصیل کے اندر ہوئی ہے جو باچا صالح کا حلقہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ کیمرے کے آنکھ میں اس وقت نہیں ہے نہ وہاں DAWN TV جا سکتا ہے نہ وہاں GEO TV جا سکتا ہے، نہ وہاں SAMAA جا سکتا ہے، نہ وہاں EXPRESS TV جا سکتا ہے۔ میں میڈیا کے دوستوں کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ جا کر اس تحصیل کو خود Visit کریں ہم ان کو Facilitate کریں گے، ہم ان کو گاڑی دیں گے، ہم ان کو رات کے لئے جگہ دیں گے لیکن وہ جا کر وہ دیکھ لیں کہ وہاں سبزیوں کا موسم ہے،آلو کا موسم ہے،Cauliflower کا موسم ہے، وہاں جو سلاد کا موسم ہے اور لوگ مارکیٹ تک اپنی سبزیاں نہیں لے جا سکتے ہیں اور لوگوں کے کروڑوں روپے کی جو Investment ہے وہ تباہ ہو رہی ہے، سیاحت Already تباہ ہو چکی ہیں جو Kumrat developed ہوا تھا، کمراٹ کی سیاحت تباہ ہو چکی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں Conclude کرنے سے پہلے آپ کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ سلاب یہ انسان کے ہاتھوں آئی ہیں،اللہ تعالیٰ کی آزمائش ہے لیکن میرا خیال ہے ہمارا اس میں، میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ یہ اس پہ ماہرین کہہ رہے ہیں کہ جو ہماری عادتیں ہیں،انسانوں کی عادتیں ہیں ان کی وجہ سے Global warming میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔"ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ"۔ ہمارے اعمال کی وجہ سے، ہماری حرکتوں کی وجہ سے کہ جو ہم کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے Nature کو نقصان پہنچا رہے ہیں اس وجہ سے یہ سیلاب آتے ہیں لیکن اس میں ہمارے لئے ایک غور کا پہلو یہ ہے کہ ہم نے قوم بن کر اس کو Respond کرنا چاہیئے۔ وزیر اعلیٰ صاحب کے دفتر سے Notification جاری ہوا ہے اور پورے صوبے کے اندر Focal persons مقرر کئے ہیں ان Focal persons کے اندر ایک بھی کسی دوسری پارٹی کا نہیں ہے سارے پی ٹی آئی کے لوگ ہیں یہ یہاں کلکوٹ تحصیل کے لئے Planing کرتے ہیں تو اس میں آپ اس کے VC،یونین کونسل چیئرمین کو شامل کیوں نہیں کر سکتے ہیں،آپ اس کے ایم پی اے کو کیوں شامل نہیں کر سکتے ہیں بے شک مجھے کسی کمیٹی کے اندر نہ ڈالیں لیکن میں کہنا چاہتا ہوں کہ یہ Focal

persons آپ کے پارٹی کے نہیں ہونے چاہیئے، یہ آپ کے پاس ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن موجود ہے، آپ کے ساتھ ویلج کونسل چیئرمین موجود ہے، پاک آرمی موجود ہے۔ میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں جناب سپیکر صاحب، اس Forum کے ذریعے سے کہ سیلاب کے نام پہ جو پیسہ آئے گا خدارا اس کو سیاست کی نذر نہ ہونے دیں اور میرٹ پر کام کریں۔ میں دوسری بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو میرے علاقے کے اندر ایک خاندان کے پانچ بچے شہید ہو گئے ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ Routine کی Compensation کے علاوہ ان کو مزید Compensation دیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ صرف ایک ہی گھر کے اندر پانچ بچے شہید ہو گئے۔ میں یہ بھی مطالبہ کرنا چاہتا ہوں کہ جناب سپیکر صاحب، یہ جو چکدرہ سے لیکر چترال تک روڈ ہے یہ روڈ آپ نے ہمارے مسلم لیگ نون کی حکومت نے بھی کہا تھا، یہ پی ٹی آئی کی حکومت نے بھی کہا تھا کہ اس پہ ہم نے 17 ارب روپے منظور کئے ہیں، کہاں گئے وہ 17 ارب روپے؟ یہ دریا کے نذر ہو گئے ہیں جگہ جگہ اس روڈ کو دریا نے تباہ کر دیا ہے آپ اس روڈ پر کب کام شروع کرتے ہیں۔ میں آخری بات جو ہے وہ کمراٹ کے حوالے سے کہنا چاہتا ہوں کہ جو آپ کا پاتراک سے Onward کمراٹ تک رابطہ روڈ ہے وہ مکمل طور پر بہہ چکا ہے اور آٹھ دس کلومیٹر Completely وہ River belt میں تبدیل ہو چکا ہے۔ اس میں آپ کا ایک پراجیکٹ ہے 7 ارب روپے کا اور وہ کمراٹ تک جاتا ہے۔ میں جناب سپیکر صاحب، یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس پراجیکٹ کو Re-design کریں اور اس پر فوری طور پر کام شروع کریں اور یہ جو لوگوں کو تکلیف ہے اور یہ Valleys cut off ہیں، ان Valleys کو فوری طور پر Restore کیا جائے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ Flood emergency ہے اور اس Emergency کو Emergency کے طور پر Treat کیا جائے اور اس کو Neutral طریقے سے Treat کیا جائے اور تمام Elected representatives کو، علاقے کے تمام مشران کو اس میں Include کیا جائیں۔ شکریہ جناب سپیکر۔

<u>Mr. Chairman</u>: Thank you. Mr. Fazal Maula. Mr. Fazal Maula.

<u>جناب فضل مولا</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، آپ کا بہت بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے ایک حساس موضوع پر بحث کرنے کی اجازت فرمائی۔ جناب عالی! جیسا کہ ہم سب کو معلوم ہے کہ حالیہ سیلاب نے پورے ملک میں قیامت برپا کی ہے اور تباہی کی نئی داستانیں چھوڑ گئی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، سیلاب چلا گیا لیکن اپنے پیچھے بہت سارے نقصانات چھوڑے ہیں اور ایسے نقصانات ہیں جو ان گنت ہیں، بے شمار ہیں، لوگوں کی زندگی کا سوال ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ہمارا صوبہ بھی سیلاب کی تباہ کاریوں سے انتہائی متاثر ہوا ہے، لوگ شہید ہو گئے ہیں جن میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں۔ ہزاروں

گھر تباہ ہو گئے ہیں، لوگ بے گھر ہو گئے ہیں اور لوگ کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، فصلیں تباہ ہو گئی ہیں، لائیو سٹاک بہہ گیا ہے، زمین سیلاب کی بے رحم چیپوں (موجوں) کی وجہ سے بہہ گئی ہے اور لائیو سٹاک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچ گیا ہے۔ اس میں ایسی نایاب لائیو سٹاک کے مالٹے جو صدیوں میں نہیں ملتے، وہ بھی دریا کے بے رحم چیپوں (موجوں) نے، بے رحم چیپوں (موجوں) نے اس کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، KPK کے جو علاقے سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں، ان میں سوات سر فہرست ہے۔ سوات میں کئی لوگ شہید ہو گئے ہیں اور املاک زراعت اور لائیو سٹاک کو یقیناً بے انتہا نقصان پہنچ گیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میرا حلقہ بھی اس سیلاب سے شدید متاثر ہو گیا ہے۔ فصلیں تباہ ہو گئی ہیں، راستے، سڑکیں، پل، واٹر چینلز، Flood protection walls سیلاب میں بہہ گئی ہیں۔ عوام کئی کئی کلو میٹر تک پیدل جانے پر مجبور ہیں، مریضوں کو ہسپتال جانے میں نہایت مشکلات ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، میرے حلقے میں پینے کے پانی کا زیادہ تر انحصار چشموں پر ہے، وہ چشمے بھی سیلاب کی نذر ہو گئے ہیں اور ہماری عوام خصوصاً خواتین شدید مشکلات کی وجہ سے دو چار ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، نیکپی خیل نہر جو علاقے کا واحد نہر ہے جس سے ہزاروں ایکڑ زمین سیراب ہوتی ہے اور وہاں کروڑوں روپے کے باغات آج کل وہاں ٹماٹر کے باغات کا موسم ہے وہ بری طرح خراب ہونے جا رہے ہیں۔ میں اپنے ہر دلعزیز وزیر اعلیٰ محمود خان، مراد سعید کا بے حد مشکور ہوں کہ جب سیلاب ٹل گیا تو فوری طور پر ہمارے علاقے میں تشریف لائے ہیلی کاپٹر میں، جگہ جگہ خصوصاً مینگورہ میں تو چار چار گھنٹے گزار دیئے اور جب ہم نے اپنی نہر کا ان کو کہہ دیا تو فوری طور پر انہوں نے اس کے لئے اقدامات اٹھائیں لیکن کام نہایت، ٹھیکیدار کی وجہ سے سست روی کا شکار ہے۔ جناب سپیکر صاحب، دریائے سوات اور ہزارہ خوڑ سے لوگ غیر قانونی، سر! یہ ہماری عرض نوٹ کریں کہ جو سیلاب آتا ہے اور ہر سال ادھر نقصان ہوتا ہے، دریائے سوات میں ہزارہ خوڑ سے لوگ غیر قانونی طور پر بڑی بڑی مشینوں کی مدد سے بجری نکالتے ہیں، ریت اور بجری جس سے دریا اور خوڑ میں بڑے بڑے کھڈے بن گئے ہیں۔ حالیہ سیلاب میں ان کھڈوں نے آگ پر تیل چھڑکنے کا کام کر دیا ہے۔ اس لئے متعلقہ حکام سے گزارش کی جاتی ہے کہ فوری طور پر دریا اور خوڑ سے بجری نکالنے پر پابندی عائد کی جائے اور کسی بھی رعایت سے دریغ کیا جائے۔ جناب سپیکر صاحب، رابطہ سڑکیں، واٹر چینلز، Flood protection walls، رابطہ پل اور دیگر تباہ شدہ انفراسٹرکچر کی تعمیر اور بحالی پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ عوام کی مشکلات کم کی جا سکیں۔ سوات اور

PK-7 کو آفت زدہ علاقہ قرار دیا جائے اور وہاں زمینداروں کو ریلیف دی جائے۔ زمینی حقائق اس کی جناب سپیکر صاحب، میں نے بہت کم مشکلات بیان کی ہیں، زمینی حقائق اس سے اور بھی بہت زیادہ ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، ہمارا علاقہ نہایت پسماندہ علاقہ ہے، دور دراز پہاڑوں پر مشتمل ہے، وہاں پر چھوٹے چھوٹے راستے جو گھروں کو جاتے ہیں وہ مکمل طور پر تباہ ہو گئے ہیں لہذا اس کا بھی بندوبست ہونا چاہیئے۔ اس کے علاوہ سر، میں اگر مزید بات کرلوں تو بات لمبی ہوتی جائے گی میں مختصر اً سوات میں ہمارا ایک ٹاؤن شپ ہے، کانجو ٹاؤن شپ کے نام سے ہے، ادھر بھی بہت سارے مسائل نے جنم لیا ہے۔ اس طوفان، اس حادثہ اور اس Flood کے بعد ادھر بجلی نہیں ہے سر اور ابھی تک اس میں کوئی ایسا جنریٹر بھی نہیں ہے جو ٹاؤن شپ کے مکینوں کو بجلی فراہم کرے، ان کی پانی کا بہت بڑا مسئلہ ہے۔ میں نے دو گھنٹے ادھر پی ڈی صاحب سے وقت لیا ہے اور اس پر بات کی ہے، صوبائی حکومت محمود خان نے ان کو بہت بڑا فنڈ دیا ہے لیکن ابھی تک وہ فنڈ پتہ نہیں کدھر ادھر جو پھنسا ہوا ہے اس پر ہم بات کریں گے۔ جناب سپیکر صاحب، آپ کی وساطت سے ہم عرض گزار ہیں کہ وہاں کے مکینوں کو بہت سخت مشکلات ہیں، ان کے جو چھوٹے چھوٹے مسئلے ہیں میں آپ کی وساطت سے محمود خان اور اعلیٰ حکام کو اپیل کرتا ہوں کہ ان کے لئے ایک ایسی بااختیار کمیٹی بنائی جائے تاکہ اس کے ساتھ اختیار ہو کہ ٹاؤن شپ میں کتنا فنڈ ہے اور کتنی ضرورت ہے اور جو سی ایم صاحب نے فنڈ بھیجا ہے وہ کدھر چلا گیا ہے اس کا بھی حساب ہونا چاہیئے۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ سب لوگوں کا نہایت مشکور ہوں۔ پاکستان زندہ باد، محمود خان پائندہ باد۔

جناب مسند نشین: Thank you۔ جناب اختیار ولی صاحب۔

جناب اختیار ولی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب، ایک تو آپ نے میرا Item No. 7 suspend کر کے ویسے زیادتی کی ہے، یہ آپ ہمارے حقوق کھا جاتے ہیں حالانکہ اس پہ کوئی اتنا ٹائم نہیں لگنا تھا اور اگر آپ نے کرنا ہی تھا تو آپ اس کو اگلے دن کے لئے Defer کر دیتے تو وہ زیادہ بہتر تھا۔ میں اس پر تحریک استحقاق لاؤں گا آپ نے میرا حق دبایا ہے اور اس کو جوتوں تلے روندا ہے، میں اس پہ بہت سخت احتجاج کروں گا اور مجبور ہوں کہ جو کام اگر اسمبلی میں نہیں ہو گا تو I am constraint and I have left with no option but to write a letter to the Anti-Corruption۔ جو Matter آج آپ نے یہاں Suspend کیا اس کو میں Anti-Corruption اور FIA میں لے جاؤں گا لیکن میرے اسمبلی کا یہ حق آپ نے کھایا میرا آپ سے اس پہ سخت میرا احتجاج ہے۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: یہ اسمبلی نے Suspend کیا ہے۔ معزز ہاؤس نے Suspend کیا ہے میں نے نہیں کیا ہے۔

جناب اختیار ولی: جناب سپیکر! آپ کا تعلق بھی، چیئر مین صاحب! آپ کا بھی نوشہرہ سے ہے اور یہ معاملہ نوشہرہ کا تھا، آپ جس سرکاری افسر کو بچانے کی کوشش کر رہے ہیں میں بھی اس کو سمجھتا ہوں اور آپ بھی سمجھتے ہیں۔ بہر حال میں Flood پہ بات کرتا ہوں کہ جو حالیہ سیلاب آیا ہے سوات، ملاکنڈ، چترال، دیر، دیر لوئر، دیر اپر چکدرہ اور پھر اس طرح آتے جائیں تو چارسدہ، نوشہرہ، ٹانک، ڈی آئی خان کوئی ضلع اس سے نہیں بچا۔ جناب سپیکر، اس وقت تمام جتنے سیلاب زدگان ہیں وہ کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، کوئی وہ لوگ جو بڑے آسودہ حال لوگ تھے وہ لوگ جن کی بڑی اچھی زندگی گزر رہی تھی آج ان کے پاس کھانے کو روٹی نہیں ہے، ان کے پاس ڈسپرین کی گولی نہیں ہے، ان کے پاس رہنے کو گھر نہیں ہے وہ ٹینٹوں میں رہنے پر مجبور ہیں۔ جناب سپیکر، میں اپنے حلقے کی اور اپنے ضلع کی بات کروں تو محب بانڈہ، چوکی درب، پبی، پشتون گڑھی یہاں سے آتے جائیں تو پھر نوشہرہ کلاں، خویشگی، نوشہرہ کینٹ، پیر سباق چلتے جائیں، آگے تو نندرک، مغلکی، میاں عیسیٰ یہ سارا علاقہ Flooded ہے۔ میرا اپنا شہر نوشہرہ کینٹ اور نوشہرہ کلاں اس کا ایک ایک محلہ Flooded ہو چکا ہے۔ میں آپ کی وساطت سے گورنمنٹ سے یہ ریکویسٹ کرتا ہوں، ان سے میں درخواست کرتا ہوں کہ یہ وقت سیاست کا نہیں ہے، اس وقت جب ڈھیری خیل، قاضیان، گوجران، مناخیل، چلاخیل، چوسینی، نواں کلے، مثل آباد، کابل ریور، ستار کالونی، کابل ریور کے ساتھ ملحقہ کچکول آباد، کشتی پل، ایک ایک چپا نوشہرہ کا اس وقت پانی کے اندر رہے اور لوگوں کے گھر گر چکے ہیں، سینکڑوں گھر برباد ہیں، ہزاروں لوگ اس وقت ہماری مدد اور حکومت کی مدد کے منتظر ہیں۔ جناب سپیکر، ایسے حالات میں ہمارا Role کیا تھا، ہماری صوبائی حکومت نے میرا، میں نے چیف منسٹر صاحب سے درخواست بھی کی تھی کہ آپ آئیے ہمارے بھائی ہیں آپ اس وقت اور آپ مل کے ہمارے ساتھ اس صوبے کے جو سیلاب زدگان ہیں ان کی خدمت کریں، ان کو ہم ہاتھ دیں لیکن انہوں نے ہماری درخواست پہ کوئی ٹس سے مس نہیں ہوئے، مجبوراً مجھے پھر وزیر اعظم پاکستان کو درخواست کرنی پڑی اور میں شکریہ ادا کرتا ہوں وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف صاحب کا کہ وہ آئے سیلاب کے تیسرے دن، ہفتے والے دن سیلاب آیا اور پیر والے دن وہ نوشہرہ میں تھے۔ نوشہرہ میں کھڑے تھے اور وہ سیلاب زدگان کے بیچ میں بیٹھ گئے۔ وہاں پہ انہوں نے اپنی امداد کا اعلان بھی کیا۔ ہم آج بھی صوبائی حکومت کے امداد کا انتظار

کر رہے ہیں، ہم اس کے منتظر ہیں کہ وہ کب آئیں گے اور ان لوگوں کے زخموں پر نمک پاشی کے بجائے بلکہ اس پہ مرہم کی پٹی رکھیں گے لیکن ابھی تک کوئی پالیسی نہیں بن رہی۔ جناب سپیکر، سب سے بڑی تکلیف دہ بات جو مجھے کہتے ہوئے اچھا نہیں لگتا، میں آپ کی وساطت سے ان کو بتانا چاہتا ہوں جناب سپیکر، ریلیف کے لئے آیا ہوا سامان آٹا، گھی، دال، چاول وہ آج بھی تحریک انصاف کے کرتے دھرتے، ان کے عہدیدار، ان کے ناظم، ان کے حجروں میں چلا گیا ہے اور یہ آپ کو پتہ ہے، آپ کو بخوبی پتہ ہے کہ 2010 میں جب Flood آیا تھا وہ ہمارا Experience ہے کہ Flood relief کے لئے، سیلاب زدگان کے لئے، مصائب کے مارے ہوئے لوگوں کے لئے جو سامان ایک بار آ جائے وہ حجروں میں اور گوداموں میں چلا جائے تو جناب سپیکر، وہ پھر واپس نہیں نکلتا، وہ لوگ اس کو پھر وہ بازاروں پہنچ جاتا ہے، اس کی منڈی لگ جاتی ہے۔ بڑی بدقسمتی ہے کہ آج صوبائی حکومت کی بھیجی ہوئی ریلیف کا سامان بازار میں بک رہا ہے۔ تو جناب سپیکر، میں یہ یہی کہوں گا کہ برائے مہربانی یہ وقت ایک دوسرے پر تنقید کا نہیں ہے لیکن جہاں کوتاہی ہو وہاں پہ نشاندہی کی ضرورت ہے۔ اس ضلع کو تمام اضلاع کو نوشہرہ، چارسدہ، سوات، ملاکنڈ، ڈی آئی خان، ٹانک، چترال، دیر لوئر، اپر سب کو اس کو آفت زدہ Declare کیا جائے۔ ان لوگوں کی فصلیں تباہ ہو چکیں، ان کے گھر تباہ ہو چکے، ان کی دکانیں برباد ہو چکیں، ان کے جو کاروبار ہیں وہ مٹ چکے ہیں۔ ان لوگوں کو ہماری مدد کی ضرورت ہے اور بڑی تکلیف اس وقت ہوئی جناب سپیکر، جب این جی اوز نے رابطہ کیا تو انہوں نے کہا کہ ہمیں منع کیا گیا ہے کہ ہم Elected MPA کے ساتھ Jointly کام نہیں کر سکتے ہیں، ہمیں صوبائی حکومتوں کے ساتھ کام کرنا ہے۔ تو اگر صوبائی حکومت کے پاس وہ امداد چلی جائے اور وہاں سے وہ پھر گوداموں میں شفٹ ہو تو جناب سپیکر، یہ کہاں کا انصاف ہے اور یہ کہاں کا نظام ہے؟ اس کو ٹھیک کرنا ہو گا۔ میں آج اس Floor پر اپنے تمام اختلافات تمام جتنی ہماری حکومت کے ساتھ ہیں پولیٹیکل، میں اس کو بالائے طاق رکھتے ہوئے جتنے Treasury benches پر بیٹھے ہوئے دوست ہیں، میں ان کو ہاتھ بڑھاتا ہوں کہ ہماری تعاون کی آپ کو جہاں ضرورت ہو ہم آپ کے ساتھ مل کے کام کریں گے۔ آپ آئیں ہمارے ساتھ مل جائیں۔ اس وقت ہم ایک دوسرے کا یہ Point scoring اور سیاست کا وقت ہے ہی نہیں۔ میرے حلقے، میرے ضلع، میرے ٹاؤن کے لوگ، لاکھوں لوگ اس وقت بے گھر ہیں، اس وقت تنقید اور سیاست کا ٹائم ہے ہی نہیں ہمارے پاس۔ جناب سپیکر، ایک اور ایک مل کے گیارہ بنتے ہیں آیئے مل کے گیارہ بنتے ہیں، اکھٹے ہوتے ہیں Jointly ہم ایک Effort کرتے ہیں تو میرے

خیال میں قوم کا اس کو فائدہ ہوگا، سیاست بعد میں کرلیں گے، تنقید بعد میں کرلیں گے، اس وقت خرابی، غلطی کی نشاندہی کا وقت ہے۔ میں کوئی کام اگر وفاق کی حکومت کے نمائندہ کی حیثیت سے غلط کر رہا ہوں آپ میری نشاندہی کریں اور اگر آپ کی طرف کوئی کوتاہی ہے میں اس کی نشاندہی کرتا ہوں اس وقت تک جب تک ایک ایک سیلاب زدہ خاندان کو واپس اپنے گھر میں آباد نہ کریں تب تک ہم آرام سے نہیں بیٹھیں گے۔۔۔۔۔

Mr. Chairman: Thank you.

جناب اختیار ولی: Last request کہ جو یہ Political basis پر Focal persons acquire کئے گئے ہیں، ان کو Nominate کیا گیا ہے، برائے کرم ان کو فارغ کیا جائے۔ آئیے کوئی ایسے لوگوں کو کوئی Jointly committee بنائیں، ایک سسٹم بناتے ہیں تاکہ وہ سیلاب زدگان کی اصل معنوں میں خدمت کر سکیں۔ Thank you very much۔

جناب مسند نشین: شکریہ، شکریہ۔ جناب میر کلام صاحب۔ شکر ہے اختیار ولی صاحب! آپ نے Point scoring نہیں کی۔ جی میر کلام صاحب۔

جناب میر کلام خان: Thank you۔ چیئرمین صاحب، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ چیئرمین صاحب، میں سب سے پہلے جو پورے ملک میں اور Specially ہمارے صوبے میں جو سیلاب سے تباہی ہوئی ہے، اس میں جو لوگ شہید ہوئے ہیں اور جو لوگ زخمی ہوئے ہیں، ان کے لئے ہم دعا کرتے ہیں ان کی جلدی صحت یابی کے لئے۔ جناب چیئرمین صاحب، سیلاب کی ہم تو بات کرتے ہیں اور سیلاب کی جو نقصانات ہوئے ہیں پورے ہمارے صوبائی حکومت کو بھی اس کا پتہ ہے، وفاقی حکومت کو اس کا پتہ ہے اور ہم روزانہ اس کو Discuss بھی کرتے ہیں لیکن چیئرمین صاحب، اس میں دو تین ایسی باتیں ہیں کہ ایک تو یہ ہے کہ سیلاب میں ہم آج کے دن تک اس باتوں پہ ایک دوسرے کو طعنے دے رہے ہیں کہ میں سیلاب میں گیا تھا وہاں پہ پانی میں کھڑا تھا اور فلاناں نہیں آیا تھا وہاں پانی میں نہیں کھڑا تھا۔ چیئرمین صاحب بات یہ نہیں ہے کہ میں پانی میں نہیں کھڑا ہوا وہاں پہ اور یا آپ نہیں گئے وہاں پہ۔ بات یہ ہے کہ پاکستان بننے سے لیکر آج تک 75 سال ہوئے ہیں۔ ہمارا کھڑا ہونا وہاں پہ ضروری نہیں ہے لیکن اس بات کی نشاندہی ضروری ہے کہ یہ پانی ان جگھوں پہ کیوں کھڑا ہے۔ یہاں پہ نوبت کیوں آرہی ہے بار بار پاکستان میں یا ہمارے پختونخوا میں جو سیلاب آتے ہیں، اس میں یہی علاقے یا جو جتنے بھی وہاں پہ نزدیک ہیں یا مکانات ہوتے ہیں، جتنی بھی کاشت کی زمین ہوتی ہیں اس کو سب کو لے جاتی ہے۔ تو جناب چیئرمین

صاحب، ان چیزوں کے لئے ہم نے پچھلے جتنے بھی گزر گئے غلطیاں ہیں ان سے سیکھ کے ابھی ہمیں مل بیٹھ کر وفاقی حکومت کے ساتھ بھی، صوبائی حکومت Flood کے معاملے میں میرے خیال میں یہ پورے صوبے کی اور پورے ملک کی عوام کا یہ مسئلہ ہے۔ Directly لوگ Affect ہوئے ہیں تو اس کے لئے آئندہ آنے والی سیلابوں کے لئے ہم نے ایک ایسی جامع حکمت عملی بنانی چاہیئے کہ آئندہ کے لئے ہم اس طرح کے واقعات سے بچ جائیں۔ دوسری بات یہ ہے چیئرمین صاحب کہ Flood کے آنے کے بعد پورے صوبے میں مختلف قسم کی بیماریاں آئی ہیں، اس کے لئے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو ایمرجنسی میں کام کرنا ہوگا اور Specially وہ جو ہمارے یہاں پہ جتنے بھی یہ لائیوسٹاک ڈیپارٹمنٹ ہے اس کو بھی اس میں ایمرجنسی پہ کام کرنا ہوگا کہ ہمارے صوبے میں بہت سارے جانور مر چکے ہیں اور اس میں بھی زیادہ سے زیادہ بیماریاں آگئی ہیں۔ تو جناب چیئرمین صاحب، میں آپ کا زیادہ ٹائم نہیں لوں گا۔ میں آخر میں ایک بات کرلیتا ہوں کہ آج لاہور میں ضلع مہمند کے ہمارے بھائی وہاں پر احتجاج کر رہے ہیں، ایک سات سالہ بیٹی ماریہ مہمند کی ظالمانہ قتل کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں اور ان کے لئے انصاف مانگ رہے ہیں۔ تو میں چیئرمین صاحب، آپ کی صوبائی حکومت سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ پنجاب حکومت سے بات کریں اور ماریہ مہمند کو بھی انصاف دیا جائے۔ Thank you جناب چیئرمین صاحب۔

<u>جناب مسند نشین</u>: Thank you۔ جی صاحبزادہ ثناء اللہ۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب مسند نشین</u>: جی میڈم۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: ایسا ہے کہ اس وقت سوائے شوکت یوسفزئی کے باقی کوئی منسٹر ایک دو بیٹھے ہوئے ہیں جو ہمارے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں۔ تو اس کو اگر Continue کر دیں اگلے دن کے لئے تاکہ یہاں پہ کوئی بیٹھا ہوا سن تو رہا ہو نا، یہاں پہ نہ کوئی اپوزیشن کی طرف سے۔

<u>جناب مسند نشین</u>: نوٹ کر رہے ہیں، شوکت صاحب نوٹ کر رہے ہیں۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: ہاں جی؟

<u>جناب مسند نشین</u>: شوکت صاحب تو نوٹ کر رہے ہیں اسے۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: شوکت صاحب تو نوٹ کر رہے ہیں نا لیکن جو اصل بندہ ہے وہ تو بھاگ گیا ہے نا؟

جناب مسند نشین: چلوآ جائے گا خیر ہے آپ Continue کر لیں اسے۔
محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں جب جس کا محکمہ ہے جس نے جواب دینا ہے جناب چیئرمین صاحب، یہ بات یہ نہیں ہوتی ہے، میں بات اس لئے مائیک کے، مائیک کھلوا کے بات کرتی ہوں کہ جو Concerend Minister ہوتا ہے وہ کبھی بیٹھتا تک نہیں ہے، اس کو یا جلدی ہوتی ہے جانے کی یا اس کو کھانے کی جلدی ہوتی ہے یا اس کو پینے کی جلدی ہوتی ہے یا اس کو جو ہے تو کسی بھی قسم کی جلدی ہوتی ہے، وہ آتا ہے اور بھاگ جاتا ہے۔
جناب مسند نشین: جی صاحبزادہ صاحب۔ صاحبزادہ صاحب۔
صاحبزادہ ثناء اللہ: میډم زه بس د ے۔ اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيمِ۔ جناب سپیکرصاحب، ډیره مهربانی شکریه ـوختی په هغه بل د بورډ په حواله باندې تاسو اجازت رانکړو د خبرې۔ بهرحال نورو ملګرو پرې خبره اوکړه۔ جناب سپیکر صاحب، سوچ مې کولو چې د کوم ځائې نه خبره شروع کړم؟ ځکه چې مونږ هغه خلق یو چې د 2010 سیلاب چې کوم انفراسټرکچر زمونږ تباه کړے وو، هغه لا تر حال مکمل شوې هم نه دے، نیمګړې پاتې دے، بیا هم د الله تعالیٰ د طرف نه راباندې یو بل عذاب راغې خو دا عذاب زمونږ د عملونو نتیجه ده، دا زمونږ د زیادتو هغه دنیائی بدل اخلی۔ جناب سپکر صاحب، د دیر خبره یواځې نه کوم د ټولې صوبې خبره کوم او زمونږ دې ملګری په ټول پاکستان خو د صوبې خبره ځکه کوؤ چې صوبائی نمائندګی کوؤ، په مرکز کښې چې د چا حکومت دے مونږ پکښې شامل یو۔ جناب سپیکر صاحب، دلته چې زمونږ کوم ملګرې هم پاځی مونږ بیا هم په دې یو بل باندې تنقید صرف کوؤ۔ مونږه مخلص نه یو د دې خپلې خاورې سره، د دې خپلو عوامو سره او که چرې مونږ مخلص شو نو الله تعالیٰ به زمونږ نه عذابونه هم لرې کوی۔ جناب سپیکر صاحب، مونږ د دیر خلق ډیر زیات وځپلې شو او یواځې د دیر نه خو خصوصاً دا ملاکنډ ډویژن سیلابونو یوړو، زلزلې راباندې راغلې، طالبانائزیشن کښې مونږه تباه شو خو جناب سپیکر صاحب، د 2015 د زلزلې سکولونه لا اوس هم وران پراته دی۔ اوس ما دا ریکارډ کتلو، زمونږ د دیر تقریباً 115 سکولونه Damage شوی دی 113۔ جناب سپیکر صاحب، پرون نه هغه بله ورځ یو خبر چلیدو چې زمونږ کوم

Allocation سکیمونو ته شوې وو، په دې باندې یو میټینګ شوې دے چې کوم روان سکیمونه دی، Running سکیمونه زمونږه دی چې دا Running سکیمونه تاسو بند کړئ او دا پیسې تاسو دې Flood ته واړوئ۔ جناب سپیکر صاحب، په مرکز کښې هم سوالګری ناست یو، په صوبه کښې هم سوالګری ناست یو۔ هغه چې کوم امداد راځی هغه چرته ځی؟ چې تاسو زمونږ د هغه سکیمونو پیسې تاسو چې Running سکیمونه دی۔ جناب سپیکر صاحب، دا خبر علی الاعلان کوؤ چې که زمونږ هغه سکیمونه بند شو او زمونږ هغه پیسې چې هغه تاسو Flood ته ورکړې نو دا به د دې علاقې چې یو عذاب راباندې خدائې راوستې یو عذاب به راباندې تاسو راولئی۔ نو د دواوؤ عذابونو متحمل نه شو کیدې جناب سپیکرصاحب۔ او زه دا یو خبره کوم زه د وزیر اعلیٰ صاحب شکریه ادا کوم دیر بالا ته راغلې وو، دیر بالا دوره ئې کړې ده، چترال ئې هم کتلې وو، پائین ضلعې ته هم راغلې وو خو جناب سپیکر صاحب، راتلل خو په خپل ځائې دی خو د اوسه پورې زمونږ هغه سکیمونو او هغه علاقې چې کوم Stuck شوی دی، بند شوی دی، تر اوسه پورې هغه زمونږه لا پوره نه دی کهلاؤ شوې۔ مونږ ته په امداد مونږ دا نه وایو چې مونږ له څه راکړئ چې زمونږه خلق ئې اوخری۔ خدائې پیدا کړی یو او خدائې به هم اوساتی خو جناب سپیکر صاحب، چې د حکومت کوم حق دے چې د حکومت کوم کردار دے، هغه که د صوبائی دے او که د مرکزی دے، بالکل سیاست کیږی، ظلم کیږی، زیاتې کیږی۔ جناب سپیکر صاحب، دا خبره څکه کوم، وزیر اعظم صاحب که ځی نو وزیر اعظم صاحب هم په غاړه کښې ځوک داسې کښینولې وی هغه حلقو ته ځی چې چرته د هغه ووټ وی۔ دا عذاب خو عام دے، دا عذاب خو عام راغلې دے، دا خو په یو پارټئ نه دې راغلې۔ وزیر اعظم صاحب ته د غره نه اخوا لاړې خو دا دیر بالا او دیر پائیں او چترال هغه علاقې چې هغه ډیرې متاثره شوې دی تا هغه پریښودی دی۔ نو زه دا خبره کوم په دې فلور باندې چې وزیر اعظم صاحب ته د یوې پارټئ وزیر اعظم نه ئې ته د دې وطن وزیر اعظم ئې پکار وه چې تا دا ټولو خلقو سره یکساں سلوک کړې وې، یکساں سلوک کړې وې خو جناب سپیکر صاحب، که مونږ متاثرینو ته ځو، د خدائې د عذاب نه مونږه غلا کوؤ، د خدائې د

